THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Monday, the June 12, 2023
(330th Session)
Volume VII, No.02
(Nos.01-06)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume VII SP.VII (02)/2023
No.02 15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran.....1
2. Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules 2
3. Resolution regarding condemnation of attacks on monuments of martyrs, installations of Armed Forces and Radio Pakistan Peshawar on 9th May, 2023.....3
4. Laying a copy of the Money Bill [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2023] 6
5. Motion to make recommendations to the National Assembly by the Senate on [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges), (Amendment) Bill, 2023].....6
6. Discussion on the Finance Bill, 2023 8
   - Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the Opposition..... 8
   - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice 16
   - Senator Manzoor Ahmed Kakar..... 21
   - Senator Muhammad Tahir Bizinjo 27
   - Senator Walid Iqbal 28
   - Senator Dr. Asif Kirmani 31
   - Senator Sania Nishtar 36

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES
Monday, the June 12, 2023

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at three in the afternoon with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَ الْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝۵ اِنَّ فِی اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ وَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَّقُوْنَ ۝۶ اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ رَضُوْا بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ اطْمَاَنُّوْا بِهَا وَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ اٰیٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝۷

ترجمہ: وہ اللہ تعالیٰ ایسا ہے کہ جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو نورانی بنایا اور اس کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرلیا کرو۔ اللہ تعالیٰ نے یہ چیزیں بے فائدہ نہیں پیدا کیں۔ وہ یہ دلائل ان کو صاف صاف بتلا رہا ہے جو دانش رکھتے ہیں۔ بلاشبہ رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آنے میں اور جانے میں اور اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آسمان اور زمین میں پیدا کیا ہے ان سب میں ان لوگوں کے واسطے دلائل ہیں جو اللہ

کا ڈر رکھتے ہیں۔ جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا یقین نہیں ہے اور وہ دنیاوی زندگی پر راضی ہو گئے ہیں اور اس میں جی لگا بیٹھے ہیں۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں۔

سورۃ یونس (آیات نمبر 05 تا 07)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔

Order No. 2, Consideration of the following motion moved by Senator Mohammad Ishaq Dar, Minister for Finance and Revenue on 9th June, 2023 that the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2023 containing the annual budget statement as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

ابھی اس سے پہلے ایک motion لینا ہے۔ جی Honourable Minister of State for Law. پہلے وہ dispense کریں۔ آپ لوگ تشریف رکھیں۔

Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules

Senator Shahadat Awan(Minister of State for Law): Sir, I beg to move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012 that the requirement of the Rule 25, 29, 30 and 133 of the said rules be dispensed with in order to enable the House to discuss and pass the resolution regarding incident of the violence in various parts of the country on 9th May, 2023.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Law, please move the resolution.

Resolution regarding condemnation of attacks on monuments of martyrs, installations of Armed Forces and Radio Pakistan Peshawar on 9th May, 2023

Senator Shahadat Awan: On behalf of Senator Mohammad Ishaq Dar, the Leader of the House and Senator Azam Nazeer Tarar, Senator Yousuf Raza Gillani, and myself, Senator Baharamand Khan Tangi, Senator Nisar Ahmad Khuhro, Senator Palwasha Muhammad Zai, Senator Asif Saeed Kirmani, Senator Krishna Kumari Devi, Senator Waqar Mehdi, Senator Anwar Lal Dean, I move the resolution that the House is Appreciative and cognizant of the great sacrifices the martyrs have rendered for peace, safety, security and the stability of Pakistan and the unmatched role our Armed Forces have played in safeguarding the motherland from all external and internal threats;

Condemning strongly the shocking, brazen, heart wrenching, Shameless and distressing acts of vandalism and arson that unfolded on 9th May, 2023, in which Jinnah House Lahore, monuments of martyrs and national heroes, buildings and installations of Armed Forces and Radio Pakistan Peshawar building were attacked.

The House strongly deplores these attacks and expresses its deepest sense of dismay and resentment and demands that the culprits, planners, facilitators and instigators be brought to justice under the Law.

The House extends its unwavering support and shows solidarity with our armed forces and other security agencies in the wake of the said vandalism;

The House also expresses solidarity with the families of the martyrs, pays tributes to them on the great sacrifices they made for the nation and resolves to hold their services for the motherland in high esteem in all times to come."

Mr. Chairman: I now put the Resolution before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Resolution is passed unanimously. Honourable Senator Kauda Babar, please move the Resolution.

Senator Kauda Babar: The Resolution is same. I will read it.

جناب چیئرمین: جی۔

Senator Kauda Babar: The House is appreciative and cognizant of the great sacrifices the martyrs have rendered for peace, safety, security and stability of Pakistan and the unmatched role armed forces have played in safeguarding the motherland from all internal and external threats.

The Senate of Pakistan strongly condemn the shocking, brazen, heart wrenching, shameless and distressing acts of vandalism and arson that unfolded on 09th May 2023, in which Jinnah House Lahore, monuments of martyrs and national heroes, buildings and installations of Armed Forces and Radio Pakistan Peshawar Building were attacked.

The House strongly deplores these attacks and expresses deep sense of dismay and umbrage on them and demands that the culprits, planners, facilitators, instigators be brought to justice under the law.

The House expresses solidarity with the families of martyrs, pays tributes to them on the great sacrifices they made for the nation and resolves to hold their services for the motherland in high esteem in all times to come" Thank you.

Mr. Chairman: I, now put the Resolution before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Resolution is passed unanimously. Honourable Senator Mohammad Ishaq Dar, Minister for Finance and Revenue, on his behalf honourable Minister of State for Law please move Order No.3.

Senator Shahadat Awan: Before that, I have to move the motion.

Mr. Chairman: Please move.

Senator Shahadat Awan: Sir, Senate of Pakistan recommends to the National Assembly to pass the Money Bill further to amend the Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975 [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Bill, 2023], as introduced in the National Assembly 23rd May 2023 and transmitted to the Senate for making recommendations as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

جناب چیئرمین: جی Order No.3 move کریں۔

Laying a copy of the Money Bill [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2023]

Senator Shahadat Awan: On behalf of the Minister for Finance and Revenue to lay before the Senate a copy of the Money Bill further to amend the Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975, [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges (Amendment) Bill, 2023] as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Copy of the Money Bill stands laid. Order No. 4, honourable Senator Mohammad Ishaq Dar, Minister for Finance and Revenue, on his behalf honourable Minister of State for Law, please move Order No. 4.

Motion to make recommendations to the National Assembly by the Senate on [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges), (Amendment) Bill, 2023]

Senator Shahadat Awan: Sir, on behalf of Minister for Finance and Revenue, I move that the Senate may make recommendation, if any, to the National Assembly on the Chairman and the Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Bill, 2023, as required under Article 73 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: It has been moved that the Senate of Pakistan recommends to the National Assembly to pass the Money Bill further to amend the Chairman and

the Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975 [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Bill, 2023, as introduced in the National Assembly on 23rd May, 2023 and transmitted to the Senate for making recommendation as required under Article 73 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried.

میرے بائیں طرف Chairman Box میں محترمہ صائمہ عثمان خان تشریف رکھتی ہیں۔ خیبر پختونخوا سے ان کا تعلق ہے۔ رفاہ عامہ کے کاموں میں بڑی پیش پیش ہیں۔ اپنے ذاتی ادارے سے انہوں نے کئی ایک مساجد، تعلیمی اداروں، سیلاب سے متاثرہ گھروں اور ضرورت مند افراد کی بہت خدمت کی ہے۔ ایوان میں خوش آمدید۔ تشریف رکھیں۔

ملتان کے لیجنڈ کالج سے ہمارے پاس 31 students تشریف لائے ہیں۔ ایوان میں خوش آمدید۔ جی وزیر مملکت صاحب، براہ مہربانی motion move کریں۔

Senator Shahadat Awan: I, Minister of State for Law and Justice, move that Senate of Pakistan recommends the National Assembly to pass the Money Bill further to amend the Chairman and the Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) Act, 1975 [The Chairman and Speaker (Salaries, Allowances and Privileges) (Amendment) Bill, 2023, as introduced in the National Assembly on 23rd May, 2023 and transmitted to the Senate for making recommendation as required under Article 73 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried and transmitted to the National Assembly. Honourable

Leader of the Opposition, please open the debate on the budget.

Discussion on the Finance Bill, 2023

Senator Dr. Shahzad Waseem, Leader of the Opposition

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (قائد حزب اختلاف): جناب چیئرمین! ایک مرتبہ پھر جمعے کو ہم نے دیکھا کہ ایک روایتی طریقے کے ساتھ budget proposals اس ایوان میں lay کیے گئے۔ آج میرے سامنے اس میز پر دو قسم کے documents ہیں، ایک document میرے دائیں طرف ہے، آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہ ایک بھاری بھر کم document ہے مگر میں آپ کی مشکل آسان کر دوں کہ اسی بھاری بھر کم document کے نیچے پاکستان کی معیشت دفن ہے۔ اسی بھاری بھر کم document کے اندر صرف الفاظ کا گورکھ دھندہ ہے اور اعداد و شمار کی ہیرا پھیری ہے۔

جناب چیئرمین! جنہوں نے یہ document پیش کیا، انہوں نے ایک اور بھی document پیش کیا تھا جسے Economic Survey of Pakistan کہتے ہیں۔ یہاں پر تو خواب ہیں جن کے آگے تعبیر کا خانہ خالی ہے مگر یہ اس حکومت کا رپورٹ کارڈ ہے۔ یہ رپورٹ کارڈ ہے حکومت کی ایک سال کی کارکردگی کا اور یہ رپورٹ کارڈ انہوں نے خود اپنے ہاتھوں سے قوم کے سامنے رکھا ہے۔

جناب چیئرمین! میں اپنی طرف سے کسی چیز کا اضافہ نہیں کروں گا۔ میں اس رپورٹ کارڈ سے نتیجہ بھی پڑھ کر سنا دیتا ہوں اور کارکردگی بھی پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔ یہ رپورٹ کارڈ بتاتا ہے کہ 13 جماعتوں پر مشتمل نام نہاد تجربہ کار حکومت اس امتحان میں بری طرح fail ہوئی ہے، ہر مضمون میں fail ہوئی ہے اور ہر سیکٹر میں ناکام ہوئی ہے۔ جی ڈی پی 6% سے ان کو ملا اور ایک سال کے اندر کامیاب کارکردگی کے ساتھ انہوں نے اس کو 0.29% پر لے آئے۔ اگر ہم sector wise بات کریں تو میں صرف چند sectors کی بات کروں گا۔ صنعت، جو 6.8% پر perform کر رہی تھی، یہ اس کو 2.94% تک نیچے لے آئے۔ زراعت 4.3% پر تھی، یہ 1.5% پر لے آئے۔ Services sector, جو 6.6% پر perform کر رہا تھا، یہ اس کو ماشاء اللہ 0.86% پر لے کر آئے۔ یہ ہے ان کی کارکردگی اور یہ ہے ان کی credibility نتیجہ کیا ہے، نتیجہ وہ جو آج پاکستان کا ہر گھرانہ جانتا ہے۔ باورچی خانہ میں جانے والی ہر خاتون خانہ جانتی ہے، بچوں

کے لیے روزی کمانے والا ہر پاکستانی جانتا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اس ملک کی تاریخ کی بدترین مہنگائی 38% پر لا کر انہوں نے چھوڑا۔ اگر ہم صرف کھانے پینے کی بات کریں تو 48% مہنگائی ہے۔

جناب چیئرمین! فی کس آمدنی میں 11% کمی۔ اس کا خلاصہ میں اپنی زبان سے بتاتا ہوں، آزاد ماہرین کیا کہتے ہیں، حفیظ پاشا صاحب ایک بڑا نام ہے۔ انہوں نے اس کا جو خلاصہ پیش کیا، میں وہ آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں۔ پچھلے ایک سال میں دس کروڑ لوگ غربت کی سطح سے نیچے آئے ہیں۔ تاریخی مہنگائی، بے روزگاری، دس فیصد بیروزگاری بڑھی۔ 80 لاکھ بیروزگار نوجوانوں کی فوج تیار ہے۔

جناب چیئرمین! یہ وہ حقیقت ہے کہ جو اس document کے اندر موجود ہے۔ یہ perform کرنے کے بعد، یعنی پرائمری فیل کرنے کے بعد اب وہ بڑا امتحان، سیکنڈری امتحان پاس کرنے چلے ہیں، اس کی شروعات آپ دیکھ سکتے ہیں، سوچ سکتے ہیں کہ کیا ہو سکتی ہے۔ اس بجٹ پر پہلی نظر ڈالیں تو آپ کو ایک اور record ملے گا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ آپ کے revenues اس قابل بھی نہیں کہ وہ قرضوں کا سود ادا کر سکیں، قرضوں کا سود بھی اس revenue سے پوری طرح سے ادا نہیں ہو پا رہا۔ جو انہوں نے targets رکھے ہیں، ان پر بعد میں بات کروں گا اگر اس کو ان کی face value پر بھی لیں تو tax collection target 9.2 trillion ہے۔ این ایف سی کے تحت جو صوبوں کو پیسے جانے ہیں وہ 5.2 trillion ہیں، پیچھے بچا 4 trillion. اس میں non-tax revenue 2.5 trillion add کریں تو یہ ٹوٹل بن گیا 6.5 trillion. قرضوں کے سود کی ادائیگی 7.3 trillion ہے۔ یعنی کہ start سے پہلے ہی 1 trillion کا خسارہ، ابھی بجٹ شروع نہیں ہوا۔ بجٹ کی بنیادی چیزیں چاہے وہ دفاع کے اخراجات ہوں، چاہے وہ day to day حکومت کے اخراجات ہوں اور چاہے وہ ترقیاتی اخراجات ہوں، ان کے لیے خزانہ خالی ہے۔ باہر عوام کی جیب خالی ہے اور یہاں ان کا خزانہ خالی ہے۔ یہ ہے ان کے بجٹ کی شروعات۔

یہ فرماتے ہیں کہ ہم 9.2 trillion tax اکٹھا کریں گے جبکہ 7 trillion بھی ان سے نہیں اکٹھا ہو پا رہا۔ جناب چیئرمین! انہوں نے دو سو ارب ٹیکسوں کا اضافی بوجھ غریب عوام پر ڈالا ہے جو کہ 28% بنتا ہے۔ ایک مرتبہ پھر 4% super tax سے بڑھا کر 10% کیا ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ ٹیکس کون ادا کرے گا؟ تو جواب یہ ہے کہ وہی کریں گے جو پہلے بھی ٹیکس ادا کر رہے ہیں۔ یعنی مرے کو اور ماریں گے۔ جو لوگ اس ٹیکس سے باہر ہیں، ان کو یہ ہاتھ لگانے کو تیار نہیں ہیں۔ میں صرف industry کی بات کروں، جس سے آپ نے export لینی ہے، جس سے آپ نے employment بھی generate کرنی ہے، ان کے تمام taxes آپ super tax کے ساتھ ملائیں تو 44% بنتے ہیں اور اگر وہ اپنا dividend 15% نکالیں تو یہ 59% بنتا ہے، اب آپ بتائیں یہ revenue کس طریقے سے اکٹھا کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ کوئی نیت تو دکھا دیتے، آپ سمت تو ٹھیک کر لیتے، تین بڑے sectors ابھی بھی tax net سے باہر ہیں، real estate, retail and agriculture sector میں جو POS پر shift ہوئے، ان پر مزید بوجھ، 12% سے بڑھا کر 15% کر دیا، agriculture میں نام غریب کا استعمال ہوتا ہے، فائدہ بڑے کاشت کار اور landlord اٹھاتے ہیں، ایک فیصد لوگ ہیں جو 22% زمین کے مالک ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر agriculture کی بات کریں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اس میں relief دیا۔ مسئلہ یہ ہے کہ غریب کاشت کار کو کیا relief مل رہا ہے۔ غریب کاشت کار کی ضرورت سستا بیج، کھاد، pesticide, diesel وہ input ہیں جن کے ساتھ وہ اپنا کام چلا سکتے ہیں، مگر ہمیں وہاں پر کوئی relief نظر نہیں آتا۔ جناب چیئرمین! آپ نے اگر agriculture کو آگے بڑھانا ہے، جس رفتار سے آبادی بڑھ رہی ہے، ہمیں already food security کے مسائل درپیش ہیں، مگر کسی تحقیق اور research پر کام نہیں ہو رہا کہ کس طرح بیج کی quality کو بہتر بنایا جائے، کس طرح سے فی ایکڑ کی پیداوار کو بڑھایا جائے، کس طرح زیادہ رقبہ کو زیر کاشت لایا جائے اور آج یہ حالت ہے کہ ہم دالیں import کر رہے ہیں، textile یہاں پر لگاتے ہیں اور کپاس باہر سے import کرتے ہیں، سویابین تیل، سب چیزیں ہم import کرنے پر مجبور ہیں۔ IT کے حوالے سے ایک اور بڑا دعویٰ ہوا، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ نہایت important sector ہے، یہ کہا گیا کہ ہم export پر کچھ tax relief دیں گے۔ جناب چیئرمین! IT اس لیے بہت اہم ہے کہ پاکستان کی جو youth ہے، اگر آپ نے اس کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے تو یہ sector سب سے important ہے۔ دوسری بات، اگر آپ نے export کو بڑھانا ہے تو اس کے لیے بھی یہ

sectorبہت importantہے، ہماری جو روایتی exportہے وہ ساری energy dependentہےاور energyکا حال یہ ہے کہ ہم یہاں پر مہنگی ترین بجلی پیدا کرتے ہیں، یہ وہ sectorہے جو energy requirementsپر کم dependentہے۔ services sectorمیںexportکے لیے بہت potentialہے، مگر جناب چیئرمین! اس کے لیے کیا کیا؟ اس کے لیے بنیادی شرط Human Resource Developmentکی ہے،آپ نے educationمیں investکرنا ہے، تعلیم، اعلیٰ تعلیم میں investکرنا ہے، آپ نے vocational trainingمیں investکرنا ہے،آپ نے نوجوانوں کے لیے مواقع بڑھانے ہیں تب جاکر وہ کسی stageپر اس قابل ہوں گے کہ وہ ایک export industryکے فعال رکن بن سکیں، وہاں پر توکام ہو نہیں رہااور چند فیصد exportپر tax reliefدیا۔

جناب چیئرمین! Exportکے علاوہ اور ڈالرز کہاں سے لائیں گے؟ Remittances ہیں، آپ remittances کا حال دیکھ لیں کہ وہ کتنی تیزی سے نیچے آئی ہیں اور کیوں نہیں remittancesآرہیں؟اس لیے کہ بیرون ملک پاکستانیوں کااس حکومت پر کوئی اعتماد نہیں ہے ، آپ ان کو ووٹ دینے کا اختیار بھی نہیں دینے جارہے ہیں، وہ بے چارہ یہاں پر کوئی plotخریدتا ہے تو اس پر قبضہ ہو جاتا ہے اور تو اور جو dollar exchange rateہے، market rate and interbank dollar rateمیں اس وقت جتنا بڑا فرق ہے،اس کے ہوتے ہوئے آپ کس طرح expect کر سکتے ہیں کہ یہاں پر remittancesبڑھیں گی؟ جناب چیئرمین! ناکامیوں کی، mismanagement of economyکی لمبی داستان ہے، یہ ہی حال investmentکا ہے کہ کوئی investorآتا ہے تو NOC cultureکا سامنا اور کوئی بائیس ہزار محکمے حکومت کے اس کے پیچھے اور وہ آگے۔ Health, Educationجیسے میں نے پہلے کہا اور Human Resource Development یہ کبھی ان کے radarپر نہیں رہے یہ قوم بنانے والے لوگ نہیں ہیں، یہ صرف فیتہ کاٹنے اور تختیاں لگانے والے لوگ ہیں اور وہی جھلک آپ کو ایک بار پھر اس میں نظر آتی ہے، ہم اس لیے کہتے ہیں کہ یہ جو بجٹ ہے اس کا economy, کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے یا اس کی سمت درست کرنے کے لیے اور یا reformکرنے کے لیے، جس کو کہتے ہیں یہ ایک ڈنگ ٹپاؤ بجٹ ہے، 42 دن کی حکومت کا بجٹ

ہے جو انہوں نے ایک سال کا دے دیا ہے، یہ صرف ایک روایت پوری کر رہے ہیں اور آج میرے الفاظ لکھ لیں کہ اس سال کے اندر ابھی کتنے بجٹ آئیں گے اور وہ ایک سے ایک بڑھ کر شہکار ہوگا۔ جناب چیئرمین! PSDPاٹھا کر دیکھ لیں، انہوں نے 950 ارب روپے مختص کیے ہیں اور schemesدیکھیں کہ 300کے قریب صرف سیاسی pressureپر آخری وقت میں اس PSDPمیں ڈالی گئیں، ان میں سے تقریباً135 schemesایسی ہیں کہ جن کی ابھی تک شاید final approval بھی نہیں ہوئی اور 50%رقم PSDPکی ان نئی schemesکے لیے مختص کی گئی ہیں نتیجہ کہ جو پرانی schemesہیں ان پر کام delayہوگا، ان کی cost بھی بڑھے گی اور اگر عوام کو تھوڑا بہت schemeکا فائدہ ہونا ہے تو وہ بھی نہیں پہنچے گا۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ نہ صرف PSDPکے، آپ دیکھیں80ارب روپے وزیراعظم صاحب نے اپنے لیے رکھ لیے، اپنی discretionمیں رکھ لیے، یہ عوام کے پیسے ہیں ان کو کسی اصول، کسی ضابطہ کے تحت اس کی disbursementہونی چاہیے اور parliamentariansکوSDGsکے نام پر90 ارب روپے مختص کیے گئے، میری ایک requestہوگی کہ اس میں parliamentarian word کے بجائے MNA wordاستعمال کیا جائے کیوں کہ parliamentariansتو سینیٹرز بھی ہیں اور میرا نہیں خیال کہ کسی بھی سینیٹر کو developmentکا بجٹ ملتا ہے، یہ صرف MNAsکو اور صرف election oriented, یہ حقائق چیخ چیخ کر بتاتے ہیں کہ اس بجٹ کا مقصد کیا ہے؟اس کا مدعا کیا ہے؟ اپنی پچھلی ناکامیوں پر پردہ ڈالنا، اور صرف فیتے کاٹنا اس کے آگے یہ PSDPکے پیسے کدھر سے آئیں گے؟ وہ خانہ خالی ہے، جس طرح سے پاکستان کے سارے بجٹ کا خانہ خالی ہے یہ خانہ بھی خالی ہے اور آگے قرض لکھا ہوا ہے، پورا بجٹ کا قرض، قرض، قرضborrowed money اور دوسری طرف wishful thinkingکی لمبی فہرست۔

جناب چیئرمین! سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں بھی اضافہ ہوا، اچھی بات ہے جو غریب چھوٹا سرکاری ملازم ہے، اس کے حالات بہت برے ہیں مگر ہوتا یہ ہے کہ ان کو سامنے رکھا جاتا ہے اور بھرپور طریقے سے افسر شاہی کو نوازا جاتا ہے، میں سمجھتا ہوں یہ بھی دو عملی ہے۔ جناب چیئرمین! اب میں بجٹ کے دوسرے حصہ کی طرف آتا ہوں، آپ نے یہ تو اپنی prioritiesبتادیں، آپ نے

یہ اپنی خواہشات بتادیں، سب کا ایک ہی سوال ہے کہ یہ پیسے کدھر سے آئیں گے؟ dollars کہاں سے آئیں گے؟ Foreign direct investment ہے کوئی نہیں، remittances ہے کوئی نہیں، export ہے کوئی نہیں، آپ کو قرضہ دینے کو کوئی تیار نہیں اور IMF کے ساتھ آپ کا ایک love-hate relationship ابھی تک چل رہا ہے، پورا سال گزر گیا ہر دوسرے دن پاکستان کے عوام پر قیمتوں کے تازیانے برسائے جاتے تھے، کبھی پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ۔ پٹرول کی قیمت کے علاوہ بجلی کی قیمت میں 30 and 40 روپے بار بار اضافہ کیا جاتا تھا اور کہا جاتا تھا کہ ہم IMF کی conditions پوری کر رہے ہیں۔ دوسری طرف یہ بھی کہا جاتا تھا کہ IMF کون ہوتا ہے، ہم IMF سے نمٹ لیں گے، اس کا یہ نتیجہ ہے کہ نہ ہم ادھر کے رہے اور نہ ہم ادھر ، وہ ظلم اور بوجھ عوام نے برداشت کی اور IMF programme بھی complete نہیں ہوا، یہ performance ہے۔

جناب! یہ بھی کہا گیا کہ default نہیں ہونے دیا، کوئی بھی محب وطن پاکستانی نہیں چاہتا لیکن حقائق سے بھی چشم پوشی نہیں کی جا سکتی۔ آپ نے قرضوں کی re-profiling کے لیے کہا یا نہیں کہا۔ جیسے میں نے پہلے کہا کہ یہ ساری funding کہاں سے آئے گی، آپ 42 days کے بعد چلے جائیں گے لیکن اس default کا ڈھول اگلی حکومت کو بجانا پڑے گا۔ آپ کہیں گے کہ ہم نے default نہیں ہونے دیا لیکن آپ پہلے سے ان کے لیے پورا بندوبست کر کے جا رہے ہیں۔ یہ مسائل پوری قوم جانتی ہے لیکن ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے کہ ہم کیا fundamental غلطیاں کر رہے ہیں کہ ہم اس گرداب سے باہر نہیں آ رہے، ہماری حیثیت اس شخص کی ہے اور ہمارے اقدامات ایسے ہیں کہ جیسے ہم اپنے ہاتھ سے معیشت کا گڑھا کھودتے چلے آ رہے ہیں اور آج ہم اس میں گرے ہوئے ہیں۔ ہم اگر یہی اقدامات اس گڑھے میں بیٹھ کر کرتے رہیں گے تو یہ گڑھا مزید گہرا ہو گا، ہم اس سے باہر نہیں آئیں گے، اس سے باہر آنے کے لیے اپنے عمل کو change کرنا پڑے گا۔ Reforms کی سیڑھی لگانی پڑے گی، ایک، ایک قدم اٹھا کر اس گڑھے سے باہر آنے کی کوشش کرنی پڑے گی۔

جناب! problem کیا ہے problem یہ ہے کہ ہم تاریخی طور پر عادی ہو چکے ہیں، ہمیں foreign aid dependence کی لت لگ چکی ہے۔ Cold war era سے لے

کر افغان جہاد تک، افغان جہاد سے لے کر war on terror تک، ہمارے جو دوست Gulf میں ہیں، ان کو کبھی کسی سے oil facility مل گئی، کسی سے کچھ dollars مل گئے۔ ہمارا China all weather friend ہے، ہم ہر وقت کہتے ہیں کہ آپ ہماری ہر مشکل میں ساتھ دیتے ہیں، مگر وہ بھی سوچتے ہیں کہ ان کی مشکلات ختم ہی نہیں ہوتیں۔ ہم کیا کر رہے ہیں، اس کا یہ نتیجہ ہوا کہ over the years یہ جو dollars کا inflow تھا، اس کا یہ نقصان ہوا کہ ہم نے اپنے house کو in order نہیں کیا، ہم نے governance پر توجہ نہیں دی، ہم نے reforms نہیں کئے، ہمارا مال مفت دل بے رحم والا حال رہا اور ہمیں آج بھی باور کرایا جاتا ہے کہ beggars are not choosers. ہمیں آج بھی کہا جاتا ہے کہ ہم ventilator پر ہیں تو کب تک ventilator پر رہیں گے۔ Ventilator سے نکلنے کے لیے آپ کو پہلا قدم یہ اٹھانا ہو گا کہ آپ کو اپنے comfort zone سے باہر آنا ہو گا، آپ کو شاہانہ اخراجات میں کمی کرنی پڑے گی۔ آپ کو اپنی ترجیحات کی سمت درست کرنی پڑے گی تو پہلا قدم یہ ہو گا کہ آپ ventilator سے اٹھ کر برآمدے تک آئیں گے اور آپ برآمدے سے نکل کر پھر میدان میں آئیں گے اور آزاد فضا میں سانس لینا سیکھیں گے۔

جناب! یہ تب ہی ممکن ہے کہ جب ایک reforms agenda پر کام کیا جائے۔ علاج بھی سب کو معلوم ہے اور بیماری کا بھی سب کو پتا ہے تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہم ایسا کرنے میں کیوں ناکام رہے ہیں، ہم اپنی سمت کو درست کرنے میں کیوں ناکام رہے ہیں۔ جناب! یہ ایک اور تلخ حقیقت ہے، وہ تلخ حقیقت یہ ہے کہ تاریخی طور پر اس ملک پر اشرافیہ حکمران قابض ہیں، ایک 1% elite ہے جو ہمیشہ حکومت میں رہتا ہے کہ وہ نہ صرف حکومت میں ہوتا ہے، وہ business houses میں بھی ہوتا ہے، وہ bureaucracy میں بھی ہوتا ہے، وہ تمام طاقتور sectors میں ہوتا ہے اور ان کا اپنا ایک network ہے۔ ان کے اپنے مفادات ہیں اور ان مفادات کے اندر عوام کہیں پر کسی equation میں نظر نہیں آتے۔ جناب! جب elite capture ہوتا ہے تو وہی ہوتا ہے جو اس ملک کے ساتھ ہوتا آیا ہے کہ تمام policies ہیں، آپ کے پاس bureaucracy, resources, political power اور قانون سازی کرنے کا اختیار ہوتا ہے لیکن آپ کیا کرتے ہیں کہ آپ اس کی سمت یہ رکھتے ہیں کہ آپ کا اقتدار پر دائمی قبضہ قائم

رہے۔ National wealth channelize ہو کر اسی 1% elite کے پاس رہے، اس کا نتیجہ صرف اور صرف محرومی ہے اور وہ محرومی عوام کے حصے میں آتی ہے۔

جناب! UNDP کی ایک report ہے کہ صرف 15% عوام تک پہنچتا ہے، ان کے حصے میں وہی ٹوٹے ہوئے public schools and hospitals ہیں۔ یہ جو vicious circle ہے، اس سے نکلے بغیر بات نہیں بنے گی۔ آج کل ایک اور بڑا buzz word میثاق معیشت ہے، آپ مفاہمت کا میثاق کر لیں، آپ معیشت کا میثاق کر لیں، وہ سارے میثاق اسی 1% elite کے اندر ہی رہیں گے اور اس کسی کا فائدہ نیچے عوام تک نہیں پہنچے گا۔ ہاں ایک راستہ ہے، وہ راستہ وہ document ہے، ہم جس پر بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں، وہ آئین پاکستان کا document ہے، وہ دستور کا document ہے جو ایک متفقہ document ہے اور اس پر پوری قوم کو بھی اعتماد ہے۔ آگے بڑھنے کا راستہ صرف اور صرف یہی ہے کہ ہم آئین پر صحیح طریقے سے عملدرآمد کریں اور اس میں سے ہی راستہ نکالیں۔ یہ تب ممکن ہے جب democracy بھی اپنی اصل شکل میں اس ملک میں ہو، democracy کے بھی دو حصے ہیں، اس کی ایک form ہے اور ایک اس کا substance ہے، substance کے بغیر یہ کھوکھلی democracy ہے۔ Democracy کیا ہے؟ Form یہی ہے کہ آپ ابھی elections کرائیں، votes ہوں گے، لوگ elect ہوں گے اور ہم دیکھیں گے کہ کسان زمیندار کو elect کر رہا ہو گا، مزدور سرمایہ دار کو elect کر رہا ہو گا اور پاکستان کی youth کے لیے کوئی برابر کے مواقع نہیں ہوں گے کہ وہ بھی اس میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔ ایسا نہیں ہو گا کہ میاں چنوں کا ایک رہائشی اٹھ کر Scotland کا Prime Minister بن جائے یا London کا Mayer بن جائے۔ ہم جب تک structural reforms electoral process میں نہیں کریں گے، ہمیں جمہوریت فائدہ نہیں دے گی۔

جناب! دوسری بات ہے کہ جمہوریت کی essence اور روح جمہور ہے، وہ public empowerment ہے، وہ انسانیت ہے، اگر آپ elections کے بعد اس جمہور کو رد کر دیں اور آپ کی policy کا focus اسی 1% elite کے گرد گھومے تو پھر یہ کسی کام کی نہیں ہیں۔

بد قسمتی سے راستہ یہی ہے، مگر یہ تب ہی کامیاب ہو گا جب آئین کی بالادستی ہو گی، قانون کی حکمرانی ہو گی، اداروں کی مضبوطی ہو گی اور پاکستان کی عوام کا احترام ہو گا۔ جناب! آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ جناب محترم سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر قانون و انصاف): بہت شکریہ، جناب چیئرمین! مجھے آج بہت خوشی ہوئی ہے کہ محترم قائد حزب اختلاف نے اس لہجے کا انتخاب کیا ہے جو جمہوری ایوانوں کے لیے befitting ہے، جس میں خوب صورتی ہے، جس میں آگے بڑھنے کا راستہ بھی ہے، جس میں اصلاح بھی نظر آتی ہے، جس میں تنقید بھی ہے، جس میں مثبت باتیں بھی ہیں اور میری یہ دعا اور خواہش ہے کہ پاکستان کے جمہوری اداروں کو توانا اور مضبوط بنانے کے لیے ہم اسی راستے پر چلیں، عوام نے ہم سے جو توقعات وابستہ کر رکھیں ہیں اور ان کے ثمرات کا ان تک پہنچنا اسی صورت میں ممکن ہے کہ اگر ہم مثبت تنقید کریں لیکن جہاں پر تجاویز اور مشاورت کی بات آئے وہ دروازے بھی کھلے رہنے چاہییں۔ سخت باتیں بھی کہی گئیں، IMF کے حوالے سے کہا گیا کہ کبھی ادھر اور کبھی ادھر ہے، کہا گیا کہ ہم قرضوں میں جکڑے ہوئے ہیں، کہا گیا کہ ہماری معیشت سسک رہی ہے، اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے لیکن اس کی تہہ تک پہنچنے کے لیے جناب ہمیں اپنے گریبانوں میں بھی جھانکنا ہے۔ یہ بات بھی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ 2017 میں جب ایک adventurism کا آغاز کیا گیا، جب ایک تجربے کا فیصلہ کیا گیا اس وقت معاشی indicators کیا تھے، یہ بات عیاں ہے کہ اس وقت پاکستان دنیا کی چوبیسویں معیشت کے طور پر project ہوا۔ Bloomberg لکھتا ہے کہ اگلے دو سالوں میں پاکستان G-20 کے لیے prepare کرے گا۔ مجھے آج بھی یاد ہے کہ اپریل 2017 میں جو ایک متنازع فیصلہ دیا گیا، جس میں minority judgement میں اس وقت کے وزیراعظم کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا، اس وقت معیشت کے عشاریے کیا تھے جب میاں محمد نواز شریف کے خلاف judgment آئی۔ تاریخ گواہ ہے کہ ڈالر 106 روپے اور 30 پیسے تھا۔ تاریخ گواہ ہے کہ commodities کی قیمتیں اس region میں سب سے بہتر تھیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہماری شرح نمو region میں سب سے اچھی شرح نمو میں

شامل تھی، پھر اس political process کو جب derail کیا گیا اور سیاسی قوتوں کے ذریعے کیا گیا، کچھ غیر سیاسی قوتیں بھی تھیں اس کی قیمت ہم آج تک دے رہے ہیں۔

بات قرضوں کے جال کی ہوئی تو ہم اسی ایوان میں یہ بات کرتے رہے اور ہر سال اس بات کی طرف توجہ دلاتے رہے کہ جو بے دریغ قرضے لینے کی پالیسی ہے اور میں یہ کہوں گا کہ اس وقت کی سرکار اس balance کو قائم رکھنے میں criminally negligent تھی۔ 70 سالہ تاریخ میں جو بیرونی اور اندرونی قرضے لیے گئے اس حجم کے 80 فیصد کے برابر قرضے صرف پونے چار سالوں میں لیے گئے۔ میں blame game کا قائل نہیں ہوں لیکن تاریخ کے اوراق میں جھانکتے رہنا چاہیے۔ مجھے وہ دن بھی یاد ہے کہ جب آج کے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے elected Leader of the Opposition کے طور پر قومی اسمبلی سے خطاب کیا اور انہوں نے حکومت کی طرف تمام تر reservations کے باوجود مفاہمت کا ہاتھ بڑھایا، 2018 کے انتخابات میں تمام تر تحفظات کے باوجود انہوں نے کہا کہ اس معیشت کو ایک مضبوط سیاسی نظام کی ضرورت ہے کیونکہ یہ امر طے شدہ ہے کہ economic stability اسی صورت میں ممکن ہے جب political stability ہو، جب سارے فریقین ایک ہی راستے پر چلتے ہوں، جب ملک کی معاشی پالیسیاں continuity کے ساتھ جاری رہیں لیکن افسوس کہ میثاق معیشت کی اس offer کو رعونت اور تکبر کی دیوار کھڑی کرکے اس پر ٹھٹھہ اڑایا گیا، اس پر ہنس دیا گیا، تمسخر اڑا۔

IMF کے ساتھ جس طرح کا پروگرام sign کیا گیا، جس طرح کی ڈیل ہوئی aisle کے اس طرف ہم لوگ تھے، میرے ان ساتھیوں نے اس دن آوازیں بلند کیں اور کہا کہ اپنے ہاتھ پاؤں باندھ کے بلکہ کاٹ کے ان کی طشتری میں نہ رکھیں۔ کر دیا گیا، برا کیا لیکن پھر اس کو نبھانا چاہیے تھا۔ وہ ایک sovereign معاہدہ ہوتا ہے ریاست پاکستان اس معاہدے کو نبھانے کی پابند تھی، اس معاہدے کو کس طرح سے breach کیا گیا، کس طرح سے اس معاہدے کے اہم نکات سے انحراف ہوا، ان commitments پر پورا نہ اترا گیا، اس کا یہ نتیجہ نکلا کہ آج قوم اس کی قیمت چکا رہی ہے۔ ان تمام نامساعد حالات کے باوجود coalition Government نے پاکستان کے وسیع تر مفاد میں سسکتی ہوئی معیشت کو سہارا دینے کے لیے جو کچھ بن پایا وہ کیا اور تاریخ لکھے گی کہ اتنے

سنگین معاشی بحران کے باوجود معاشی ٹیم نے جس قدر گنجائش نکلی انہوں نے ان طبقات کے لیے گنجائش نکالی جو طبقات حکومتی اور ریاستی امداد کے مستحق تھے۔

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو پورے سال support دی گئی۔ پاکستان نے گزشتہ سال جولائی۔اگست 2022 میں unprecedented rainfall and floods کا سامنا کیا۔ ہمارے خاص طور پر دو صوبے جن میں صوبہ سندھ اور صوبہ بلوچستان شامل ہیں بری طرح سے متاثر ہوئے۔ 30 ارب ڈالر سے زائد کے نقصانات کا تخمینہ لگایا گیا۔ اس ساری catastrophe کا بھی اس جری قوم نے مل کر مقابلہ کیا۔ Reconstruction کے حوالے سے جو صوبائی اور وفاقی حکومتوں سے بن پایا وہ سب آپ کے سامنے اس ایوان میں discuss ہوتا رہا ہے۔ اس نیت کے ساتھ کہ یہ ہمارا گھر ہے، اسے سنوارنے اور سنبھالنے کی ذمہ داری اس قوم کی ہے اور اس قوم نے یہ mandate اس منتخب حکومت کو دیا ہے۔

معزز قائد حزب اختلاف نے کہا کہ سارے مسائل کا حل آئین پاکستان کے مطابق چلنا ہے، اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے لیکن آئین پاکستان یہ تقاضہ بھی کرتا ہے کہ خلوص نیت اور یکسوئی کے ساتھ اس پر عمل کیا جائے۔ بہت سارے ایسے مواقع آئے جب ان benches سے بارہا یہ کہا گیا کہ سیاسی معاملات کو سیاسی طریقے سے نمٹایا جائے۔ سیاست میں لاقانونیت کی، سیاست میں سخت لہجوں کی، سیاست میں بے لچک رویوں کی گنجائش نہیں ہوتی۔ سیاست dialogue کا نام ہے، سیاست بدلتے حالات کے ساتھ اپنے آپ کو ڈھال کر راستے بنانے کا نام ہے، unfortunately ہم میں سے وہ رویہ بھی چلا گیا، ہم نے رویے ہی بدل لیے۔ ہم نے ہر وقت آستینیں چڑھائیں اور صرف دشنام طرازی کی، ہم نے ایک طرح کے ذہن تیار کیے، تربیت کی گئی کہ چھینو، جھپٹو، مارا ماری کرو تو سب ہو گا اور اس کے نتائج ہم نے ماضی میں دیکھے۔ آج بجٹ کے حوالے سے باتیں ہو رہی ہیں، اس پر میں پھر بات کروں گا لیکن جو کچھ اس ملک کے ساتھ 9 مئی کو ہوا تاریخ اس دن کو ایک سیاہ دن کے طور پر لکھے گی اور ہم نادم اور شرمسار رہیں گے، وہ کسی ایک دن کا واقعہ نہیں تھا اس کے پیچھے ایک history ہے، اس کے پیچھے preparation, اس کے پیچھے instigation, اس کے پیچھے incitement, میں یہ legal terms میں بات نہیں کر رہا، یہ social باتیں ہو رہی ہیں، میں اس social context میں بات کر رہا ہوں کہ جب لوگوں کی ذہن سازی اس طرح سے کر

دی جائے کہ فلاں کو ماننا نہیں ہے، فلاں کو تو بالکل نہیں ماننا ہے اور یہ بات نہیں بلکہ یہ بات کہنی ہے، یہ بات نہیں یہ بات کہنی ہے، مذاکرات نہیں کرنے، کرنے ہیں تو سرے نہیں چڑھانے، فلاں نہیں کرنا، یہ نہیں کرنا تو پھر قوموں پر یہ دن آتے ہیں۔ آج بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس قوم نے بڑی جرات اور جواں مردی کے ساتھ ان مشکل ترین حالات کا مقابلہ کیا ہے، یہ ملک کلمے کے نام پر اور اللہ کے نام پر حاصل کیا گیا اور ان شاء اللہ العزیز اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کے قافلے اور اس کے سفر ان شاء اللہ جاری و ساری رہیں گے۔

موجودہ budget کی report آپ کے سامنے lay کی گئی، وزیر خزانہ نے اس کے salient features اس دن National Assembly میں بھی بیان کیے۔ تنخواہ دار طبقے سے لے کر نوجوانوں تک، کھیت مزدور سے لے کر domestic servant تک تمام طبقات کا خیال رکھا گیا ہے۔ Inflation کو سامنے رکھتے ہوئے جو کہ اس وقت بین الاقوامی سطح پر بھی عروج پر ہے، تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا اور سوچ بچار کے بعد کیا گیا، ایک گھنٹہ دس منٹ سے زائد کابینہ میں صرف اس حوالے سے گفتگو ہوئی کہ اس کو balance out کس طرح کیا جائے کہ ہمارا budget اس وقت جو ہمارے internationally issues ہیں سے compliant بھی ہو اور جو پسا ہوا طبقہ ہے تنخواہ دار طبقہ، سفید پوش طبقہ، ان کی بھی کچھ سانس نکلے۔ Grade 01 to 16 35% اضافہ دیا گیا ہے، Grade 17 to22 کو 30% کا اضافہ دیا گیا۔ انہوں نے بھی اپنے بچوں کو پڑھانا ہے، انہوں نے بھی بنیادی زندگی کی ضروریات کو پورا کرنا ہے، تن پر ایسے کپڑے پہننے ہیں کہ وہ اپنے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والوں کے ساتھ match کر سکیں۔ اپنے بچوں کے Colleges and Schools کی fees بھی انہوں نے ادا کرنی ہیں، بجلی اور گیس کے بل وہ بھی دیتے ہیں، گاڑی میں petrol وہ بھی ڈلواتے ہیں۔

18th Amendment کے بعد minimum wages set کرنے کا اختیار صوبوں کے پاس ہوتا ہے لیکن وفاق نے Precedent set کرنے کے لیے 25000 سے 32000 روپے کر دیا ہے، though it is Capital territory لیکن خوشی کی بات ہے کہ صوبے اب اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اس میں تھوڑا اضافہ بھی کر رہے ہیں اور کم از کم اس benchmark کو follow کر رہے ہیں۔

زراعت جو کہ ریڑھ کی ہڈی ہے جناب چیئرمین! اس کے لیے انقلابی package دیا گیا ہے، آپ کے seeds, staples ہیں ان پر جو duties تھیں ان کو صفر کر دیا گیا ہے۔ زرعی آلات پر duties کو ختم کر دیا گیا ہے۔ جو value added industry ہے اس کے لیے special packages introduce کرائے ہیں، ان کو Special Economic Zones والی facilities حاصل ہوں گی۔

IT ہماری نوجوان نسل اور ہمارا پڑھا لکھا طبقہ اس ملک کو پاؤں پر کھڑا کر کے ایک تناور درخت کی صورت میں معاشی system کو کھڑا کر سکتا ہے۔ ان کے لیے انقلابی اقدامات تجویز کیے گئے ہیں، youth کے لیے programmes introduce کرائے گئے ہیں۔ ان نامساعد حالات میں جو ممکن تھا اور جس طرح کی ٹوٹی پھوٹی معیشت پچھلے سال اپریل میں سنبھالی تھی، اس سسکتی ہوئی معیشت کو نا صرف اس قابل کیا کہ یہ مراحل طے ہو جائیں بلکہ آج ہم دوسرا budget پیش کر رہے ہیں اور کوشش کی کہ ایسا budget ہو جب مختلف طبقات اس کو discuss کریں اس پر بات کریں تو کم از کم اس کو وہ ایک متوازن، ان مشکل ترین حالات کے باوجود اس کو ایک متوازن budget کے طور پر دیکھیں اور جناب چیئرمین! ہم نے دیکھا ماشاءاللہ ہمارا media آزاد ہے، TV channels پر مباحثے بھی ہوتے ہیں، experts بھی بیٹھتے ہیں، اخبارات میں articles بھی آتے ہیں، گفتگو بھی ہوتی ہے۔ یہ چند salient features تھے جن کا ذکر کرنا آج ضروری تھا، اس House کا یہ mandate ہے اور میری یہ استدعا ہو گی حکومت کے behalf پر بھی کہ aisle کے اس طرف بیٹھے ہوئے اور اس طرف بیٹھے ہوئے دوست جو ہیں وہ تجاویز دیں۔ Finance Committee بھی کام کر رہی ہے اس دفعہ میری صرف ایک استدعا ہے کیونکہ حج ہے اور حج کے سلسلے میں جو آخری flights ہیں وہ 23rd and 24th June کو ہیں۔ اس وجہ سے یہ کوشش ہم کر رہے ہیں اور جناب چیئرمین! اس دن آپ نے بھی مہربانی کی کہ Finance Committee میں کہا کہ اس ہفتے میں ہم اپنا کام سمیٹ لیں گے تاکہ ہمارے جو Parliamentarians, دوست، ساتھی حج کی سعادت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ وقت پر join کر سکیں ان آخری flights کو۔

ایک دفعہ پھر حکومت کی طرف سے، اس ایوان کی طرف سے اپنے resolve کو reiterate کرتے ہوئے ایک بات بڑی وضاحت سے کر دینا چاہتا ہوں کہ حالات جیسے بھی ہوں، مشکلیں جتنی بھی ہوں پاکستانی عوام کی بہتری اور فلاح کے لیے یہ حکومت committed ہے اور پچھلے شکوے شکایتوں کو بھولتے ہوئے، اس بات کو بھولتے ہوئے کہ وہ کون سے غیر ضروری بوجھ تھے جو آنے والی حکومت پر ڈالے گئے اور کتنی ناگفتہ بہ معیشت دی گئی۔ ان شکووں شکایتوں سے ہٹتے ہوئے ان شاءاللہ جہد و جہد جاری رہے گی، معیشت کی بہتری کا سفر جاری رہے گا کیونکہ ہم وہ قوم ہیں اور اس طرز کے مجنوں ہیں کہ جن کے بارے میں شاعر نے کہا کہ:

مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے

وہ قرض اتارے ہیں کہ واجب بھی نہیں تھے

ہم تو آپ کی دی ہوئی میراث سے بھی اچھائیاں نکال رہے ہیں اور یہ امید رکھتے ہیں کہ اور زیادہ اچھائیاں نکلیں گی، پاکستان کی عوام کے لیے اور اس ملک کے لیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: محترم سینیٹر منظور کاکڑ۔

Senator Manzoor Ahmed Kakar

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: شکریہ جناب چیئرمین! یہاں پر 2023-24 budget کے حوالے سے Opposition Leader, Leader of the House نے جو باتیں کی ہیں بہت مثبت ہیں۔ ایک جمہوری عمل کے حوالے سے اگر ہم دیکھیں جو پچھلی حکومت میں تھے، تنقید بھی تھی اور تعمیری بھی تھی اور اس میں خوبصورتی بھی تھی۔ یہ جمہوریت کا تقاضہ بھی ہے اور حقیقتاً اگر حکومت پر تنقید نہ ہو تو میرے خیال سے وہ حکومت نامکمل رہتی ہے کیونکہ opposition کا کام اور اس کا کردار چیزوں کو highlight کرنا ملک اور عوام کے مفاد میں ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! Budget کے حوالے سے جو تمام چیزیں پیش ہوئی ہیں، ان مشکل حالات میں، ایک سال کے مشکل سفر میں جس طرح کا budget پیش کیا گیا ہے میں مبارک باد دینا چاہتا ہوں کہ عوام دوست budget پیش کیا گیا ہے۔ تمام طبقات کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کے لیے حکومت نے بہت اچھی policies introduce کرائی ہیں۔ جناب چیئرمین! اس میں چند چیزیں ہیں education کے حوالے سے یہاں پر بات ہوئی ہے، 65 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں،

ایک اچھا اقدام ہے۔ میں تو یہ suggestion دے رہا ہوں کہ اس کو 65 ارب سے بڑھا دیا جائے تو بہت اچھا ہو جائے گا اس ملک کے لیے، ہماری youth کے لیے۔ Education and health کے حوالے سے کسی قسم کا compromise نہیں ہونا چاہیے۔ دنیا اگر ترقی کرتی ہے تو تعلیم کے راستے سے کرتی ہے، جو ممالک اپنے ملک، عوام اور بچوں کو بہترین تعلیم دے رہے ہیں وہ بہت زیادہ ترقی کر چکے ہیں۔ 65 ارب روپے تو ہیں ہی لیکن اگر اس کو بڑھا دیا جائے تو بہت اچھا ہو جائے گا۔ خاص طور پر بلوچستان کے حوالے سے جو کہ ہمارا علاقہ ہے، رقبے کے حساب سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، interior کو مد نظر رکھا جائے تو بہت اچھا ہو گا۔ میں اس floor پر اپنے دوستوں سے گزارش کروں گا کہ بلوچستان کو مد نظر رکھا جائے، جیسے سندھ ہے اس کے وہ علاقے جہاں زیادہ ضرورت ہے ان کو مد نظر رکھا جائے، پنجاب کے علاقوں کو مد نظر رکھا جائے۔

Benazir Income Support Programme کے حوالے سے بھی جو رقم مختص کی گئی ہے 450 ارب روپے۔ یہ بہت اچھا اقدام ہے، جو غریب طبقہ ہے اس کو oblige کیا گیا ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ وہ علاقے جو ملک کا interior ہیں ان پر زیادہ غور کیا جائے۔ جتنا budget ہے وہ تو ملے گا ہی لیکن جن علاقوں کے لوگ زیادہ مستحق ہیں ان کے لیے زیادہ budget رکھا جائے۔ Prime Minister Youth Programme اس کے لیے دس ارب روپے رکھے گئے ہیں، یہ ایک اچھا اقدام ہے کیونکہ ہمارا youth ہی اس ملک کی باگ ڈور سنبھالے گی۔ ہماری youth ہی اس ملک کی باگ ڈور سنبھالے گی۔ ہماری youth ہی اس ملک کے لئے ایک اہم کردار ادا کرے۔ لیکن میں پھر کہوں گا کہ ان 10 ارب روپے کو بڑھا دیا جائے کیونکہ، جس طرح IT کی بات ہوئی ہے، ان تمام باتوں کا تعلق ہماری youth کے مستقبل سے ہے۔ اس حوالے سے میں یہ suggestion رکھوں گا کہ اس 10 ارب روپے کو بڑھا کر زیادہ کر دیا جائے تو اس سے ہمارے اور بچے بھی oblige ہو جائیں گے اور اس سے ہمارے اور بچوں کو بھی اچھا future مل سکتا ہے۔ میں پھر یہ کہوں گا کہ بلوچستان کے inferior اور غریب کو ترجیح دی جائے تو یہ ملک کے لئے اور صوبے کے لئے ایک اہم اقدام ہو گا۔

جناب چیئرمین! میں بلوچستان کی بات اس لیے بار بار کر رہا ہوں کہ سب کو پتا ہے کہ یہاں پر یا باہر ملک میں کوئی Scholarship ہے، اگر ان کا کوٹا بڑھا دیا جائے تو وہ ہمارے لئے

بہتر ہوگا اور ہمارے بچوں کے لئے بہتر ہوگا اور ہمارے ملک کے لئے بہتر ہوگا۔ یہاں پر ہم نے ایک اور بات رکھی ہے کہ جو IMF سے ہم قرض لیتے ہیں، وہ سودی نظام ہے۔ ہم اس سودی نظام سے کیوں نکلنا نہیں چاہتے۔ یہ سودی نظام اللہ سے لڑائی اور اللہ سے جنگ ہے۔ اس بارے میں احادیث بھی موجود ہیں۔ اس لعنت سے ہم اپنے آپ کو نکالتے کیوں نہیں ہیں۔ ہم اس چیز کو focus کر لیں جیسے آج ہم یہاں اس budget کے حوالے سے سر جوڑ کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیا ہم یہ نہیں کر سکتے، ہم بالکل کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے اگر ہم بات اور debate کر لیں تو اس سودی نظام سے جان چھڑائی جا سکتی ہے۔ یہ ملک کے، عوام کے اور سب کے مفاد میں ہوگا۔

جناب چیئرمین! ساتھ ساتھ یہاں پر سرکاری ملازمین کی تنخواہ کی بات ہوئی ہے۔ یہ بہت اچھا اقدام ہے۔ انہیں 200 فیصد سے زیادہ بجٹ میں relief ملا ہے۔ اس کے حوالے سے جو عام غریب طبقہ ہے، اس کے لیے کیا ہم نے کچھ سوچا ہے؟ ہمارے ملازمین کو تو relief ملا ہے، جو ان سے نیچے کا طبقہ ہے، جو ایک غریب طبقہ ہے، اس کے لیے کیا ہم نے کچھ کیا ہے؟ یہ ملک انہی غریبوں سے چل رہا ہے۔ وہ tax دے رہے ہیں۔ اب اگر ہم petrol اور subsidy کی بات کر لیں۔ Land Cruiser والا بھی وہی petrol ڈالتا ہے، motorcycle والا بھی وہی petrol ڈالتا ہے، رکشے والا بھی وہی petrol ڈالتا ہے۔ جناب چیئرمین، تو کیا ہم نے اس کو oblige کیا؟ کیا ہم نے اس کو ترجیح دی ہے؟ آپ ان کی زندگی دیکھ لیں وہ کس طرح گزار رہے ہیں۔ میں یہ بات اس لئے کر رہا ہوں کہ آج کل لوگ خودکشی کر رہے ہیں۔ مہنگائی 200 فیصد پر چلی گئی ہے۔ جو ملازمین کی تنخواہ ہے یہ بھی کم ہے۔ اس کو بھی اور بڑھانا چاہیے تھا۔ وہ آج بھی مشکلات میں ہیں۔ یہاں پہ جو medicines ہیں، جو تعلیم ہے، جیسا کہ ہمارے leader of the house نے بات کی ہے کہ غریب آدمی کو کچھ مل ہی نہیں رہا اور اس گورنمنٹ کو سوچنا چاہیے کہ اب ہم نے ان کے لئے کیا کرنا ہوگا۔ ہمیں تمام پارٹیوں کے ساتھ مل بیٹھ کر اس کو first priority پر رکھنا چاہیے کہ ہم نے غریب کی آواز سننی ہے اور غریب کے لئے کچھ کرنا ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر زراعت کے حوالے سے چیزیں discuss ہوئی ہیں۔ بجٹ کو 1800 ارب سے بڑھا کر تقریباً 2200 ارب روپے کر دیا ہے، جس میں duties بھی free کر دی ہیں، جو بیج ہے، کھاد ہے، جو اور چیزیں ہیں، حقیقتاً زراعت اس ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی

حیثیت رکھتی ہے۔ جو پیداوار ہم لیتے ہیں اس کو ہم export بھی کرتے ہیں۔ لیکن اس کے لئے کیا صرف بجٹ میں رکھ دینے سے یہ چیزیں آگے چلی جائیں گی۔ ہماری جو زرعی زمینیں ہیں اور جو زمیندار ہے، اس کو ہم نے کیا دیا ہے۔ پھر یہاں بات کروں گا کہ elite class کو یہاں پھر کچھ مل چکا ہے لیکن جو غریب زمیندار ہے اس کا ہمیں کچھ سوچنا ہوگا، اس کو بھی ہمیں دیکھنا ہوگا اور اس کو بھی ہمیں promote کرنا ہوگا کیونکہ اگر ہماری زراعت اچھی ہوگی تو لوگ خوشحال ہونگے اور لوگوں کی خوشحالی سے پاکستان خوشحال ہوگا، مستحکم ہوگا اور پاکستان ترقی کریگا۔

جناب چیئرمین! یہاں پر چیزیں بہت ہیں لیکن میں خاص کر بلوچستان کے حوالے سے ایک چیز ضرور رکھوں گا کہ NFC award کے حوالے سے 1998 میں جو census ہوئے تھے اس کی بنیاد پر NFC award کی تقسیم ہوئی تھی۔ آج 2023 ہے اور اس 1998 کے census پر جو NFC award کے shares کچھ تو ایک دفعہ صوبے کو ملے تھے اور اس کے بعد تو ملے بھی نہیں ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ جو ہمارے NFC award ہیں، جو ہمارا حق ہے، وہ کم از کم بلوچستان کو تو ملنا چاہیے ہے۔ اگر 1998 کے census پر دیکھا جائے تو ہماری وہاں پر requirement تو زیادہ پوری نہیں ہوگی، اب 2023 کی census پر NFC award divide کر دیں تو یہ بلوچستان کے لئے اور جو باقی صوبے ہیں ان کے لئے بھی بہت بہتر ہوگا۔ یہاں پر جو بلوچستان کے اپنے PPL کے پیسے تھے، ہم وہ 34 ارب روپے مانگ رہے تھے جو مرکز کے ذمے بلوچستان کے پیسے تھے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اگر ہمارے وہ 34 ارب روپے دے دیں تو بلوچستان کا بجٹ اور چیزیں smoothly آگے چلی جائیں گی۔ اس میں خاص کر bridge financing جو مرکز کو کرنی چاہیے تھی وہ بھی نہیں ہوئی۔ جو 5 سے 6 ارب روپے تھے وہ بھی بلوچستان نے اپنی طرف سے کر دیئے۔ جیسا کہ گوادر میں صاف پینے کے پانی اور بہت سے projects تھے ان پہ bridge financing ہونی تھی وہ بھی ابھی تک نہیں ہوئی۔ اس پر بھی غور کرنا چاہئے، اس کو بھی دیکھنا چاہئے اور اس فیصلے کو بھی رکھنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ساتھ خاص طور پر بلوچستان اور سندھ جو flood سے زیادہ متاثر ہوا تھا، میں یہ بات اس لئے کر رہا ہوں کہ مرکز نے صوبے سے جو 10 ارب روپے دینے کا وعدہ کیا تھا، جو بلوچستان کے لئے کافی نہیں تھے، میرا اپنا گاؤں، ہنہ اوڑک، جو متاثر ہوا سب کو پتہ ہے،

اس کے لئے پانچ چھ ارب روپے سے زیادہ پیسے چاہیے ہیں۔ تو یہ پورے بلوچستان کے حوالے سے 10 ارب روپے کم تھے لیکن اعلان ہوا اور ابھی تک وہ پیسے بلوچستان کو نہیں ملے۔ اس حوالے سے بلوچستان حکومت نے اپنے پیسے خرچ کیے اس امید پر کہ مرکز وہ پیسے ہمیں واپس دے دیگا اور budget اور دوسری چیزوں کے حوالے سے ہمارا system آگے چلے گا لیکن وہ رک گیا۔ ہم اس بارے میں request کرتے ہیں کہ جہاں بھی آپ نے وعدے کئے ہیں، چاہے وہ سندھ ہو KP ہو یا پنجاب ہو، تمام صوبوں کو ان کے پیسے ملنے چاہیے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ بلوچستان کے حوالے سے ہماری demand ہے کہ برج العزیز ڈیم اگر بن جاتا تو کوئٹہ شہر پانی سے محروم نہ ہوتا کیونکہ water table نیچے جارہا ہے وہ in future بہت alarming بات ہے۔ اگر برج العزیز ڈیم ہم نے نہ بنایا اور افغانستان نے ڈیم بنالیا تو پھر ہمارے لئے problem ہوگا۔ جیسے کہ ہمارے ہمسائے ملک ایران اور افغانستان کی ڈیم پر ابھی کچھ لڑائی ہوئی ہے۔ اگر ہم اس ڈیم کے پیسے جلدی دے دیں اور پایہ تکمیل تک پہنچائیں تو بلوچستان اور خاص کر کوئٹہ سٹی جس پر تمام صوبے کا influence ہے اور capital ہے، پر کافی اثر پڑے گا۔ ہم آپ سے request کر رہے ہیں کہ برج العزیز اور ہمارے دوسرے mega projects کے لئے پیسے دے دیں۔ ہماری چمن ۔ کراچی شاہراہ، جو ایک خونی شاہراہ ہے، اس کی dualization کے لئے بجٹ میں 6 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ اب اگر اتنے mega project کے لیے 6 ارب روپے رکھیں گے تو کیا یہ منصوبہ بنے گا؟ کیا یہ منصوبہ آگے جائے گا؟ کیا یہ منصوبہ ترقی کرے گا؟ یہ تو ویسے کا ویسے ہی رہے گا۔ ہماری ایک اہم چیز ہے کہ ہم on-going schemes رکھتے ہیں اور ان کو چلاتے ہیں لیکن بد قسمتی سے ہم اس کو پایہ تکمیل تک پہنچاتے نہیں ہیں۔ اگر آپ اس project کو چلاتے بھی نہیں ہو، اس project کو بناتے بھی نہیں ہو، ویسے اس پہ اربوں روپے بھی لگ جاتے ہیں اور وہ التوا کا شکار ہو جاتا ہے اور پیسوں کا بھی زیاں ہوتا ہے، لوگ مستفید بھی نہیں ہوتے۔ تو یہ ہمارا نقصان ہے۔ اس کی مثال میں parliament lodges کے اندر جو ایک building کھڑی ہے، میرے خیال سے 10 سال سے یہ building کھڑی ہے۔ آپ اس کو complete ہی نہیں کر رہے ہیں اور آگے جا رہے ہیں۔ اس کو تو complete کردیں تاکہ استعمال میں آجائے۔ اس طرح اس شہر میں اور بہت سی

buildings موجود ہیں اور اسی طرح صوبوں میں اور بہت سی buildings موجود ہیں، کیا ہم نے کبھی اس طرف توجہ دی ہے؟ ہم کہتے ہیں کہ ہم projects بنا رہے ہیں، بے شک آپ projects بنالیں، بے شک آپ ملک میں projects دے دیں، اس میں کوئی مضائقہ نہیں لیکن on-going projects کو complete کرکے پھر ہمیں آگے چلنا چاہیے۔ ہماری تو وہی short term policy ہے، ہم نے تو کبھی long term policy دیکھی بھی نہیں۔

میں گوادر کے متعلق بات کرنا چاہوں گا۔ گوادر کے حوالے سے اب حکومتِ بلوچستان نے ایک decision لیا ہے۔ اس کے تحت اسے free port zone قرار دیا گیا ہے۔ پہلے یہ چین کی حد تک free port zone تھا، اب پورے district کے حوالے سے چین نے بھی یہ suggestion دی تھی کہ ڈسٹرکٹ گوادر کو free port zone بنایا جائے۔ اب ہم نے اس کو صوبے میں declare کروادیا ہے۔ اب مرکز سے ہم یہی request کرتے ہیں کہ جیسے صوبے نے اسے declare کیا ہے، مرکز بھی اس کی implementation کرکے اس کو اسی طرح declare کردے کیونکہ جب یہ free zone ہوگا تو وہاں پر کاروبار ہوگا۔ آپ کو وہاں سے صرف تین ارب روپے tax collect ہوتا ہے، جب آپ اس کو free zone district قرار دیں گے تو آپ کو تین سے چار ارب ڈالرز income حاصل ہوگی۔ ہمیں اس چیز کو بھی مد نظر رکھنا چاہیے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ گوادر، سی۔ پیک اور one belt one road کے ذریعے پاکستان ترقی کرے گا تو وہ اسی طرح ترقی کرے گا۔

جناب چیئرمین! میں آخری بات کروں گا۔ ہم کہتے ہیں کہ یہاں investors کو آنا چاہیے۔ بالکل investors کو آنا چاہیے، وہ یہاں آئیں، اس ملک میں ترقی ہوگی، خوشحالی ہوگی اور یہ ملک مستحکم ہوگا۔ اس کے ساتھ اگر ایسے واقعات رونما ہوں جیسا کہ 9 مئی کو ہوئے تو پھر investor کیسے آئے گا۔ وہ تو کہیں گے کہ آپ کا یہ حال ہے تو پھر ہم کیسے یہاں پر اپنا پیسا invest کریں۔ جب آپ کی اپنی املاک محفوظ نہیں ہیں، ایسی املاک جو ایک تاریخ رکھتے ہیں تو پھر وہ investor کیسے آئے گا؟ آئیں مل کر بیٹھیں اس ملک کے لیے اور ان چھبیس کروڑ عوام کے لیے۔ اس ملک کو آگے لے کر جائیں، اس ملک کو ترقی دیں۔ سب سے پہلے تو ہمیں ایک پاکستانی بن کر بات کرنا ہوگی۔ اگر ہم پاکستانی بن کر بات کریں گے، ہم اس ملک کو ترقی دے سکتے ہیں۔ ہمارے لیے تمام

لیڈرز محترم ہیں۔ پچھتّر سالوں میں جو بھی ہوا ہے، آپ اس کو ایک طرف رکھ دیں۔ آئیں، ابھی بھی ہمارے پاس time ہے، مل بیٹھ کر economy کو اور اس ملک کو مستحکم کریں، اس معیشت کو واپس زندہ کریں اور اس کو مستحکم کریں۔ میں ہمیشہ ایک بات کرتا ہوں کہ جب ہم ایک پاکستانی کی سوچ رکھیں گے تو ہم اس ملک کو ترقی دے سکتے ہیں۔ ہر گھر پر پاکستان کا ایک flag لگنا چاہیے۔ کم از کم ہمیں یہ کام کر لینا چاہیے کیونکہ ہماری youth ہماری طرف ہی دیکھ رہی ہے۔ یہ غریب عوام اور پورا ملک ہماری طرف، ان ایوانوں کی طرف ہی دیکھ رہا ہے۔ ہم اس کلمے کے نیچے بیٹھے ہوئے ہیں۔ قومی اسمبلی میں اللہ پاک کے ننانوے نام ہیں جن کے نیچے اراکین بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہم دل پر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ کیا ہم حقیقت بولتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس کلمے کے نیچے بھی ہم اپنے عوام کو کیا دے پائے ہیں۔ آئیں، اس ملک کے لیے، اس معیشت کے لیے اور اپنے بچوں اور youth کے لیے کچھ کر جائیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: محترم جناب سینیٹر محمد طاہر بزنجو صاحب۔

Senator Muhammad Tahir Bizinjo

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب چیئرمین! شکریہ۔ سب سے پہلے تو میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ آئین کی پاسداری کا سب دعویٰ کرتے ہیں لیکن آئین کے ساتھ کوئی کھڑا نہیں ہوتا۔ بدقسمتی سے ملک کی سیاسی اور جمہوری قوتوں نے مکمل طور پر پسپائی اختیار کی ہے۔ ملک کی جو سیاسی اشرافیہ ہے، وہ شراکت اقتدار کے ہر فارمولے کو ماننے کے لیے تیار نظر آتی ہے۔ بقول شاعر:

عمر بھر یونہی غلطی کرتے رہے
دھول چہرے پہ تھی اور ہم آئینہ صاف کرتے رہے

بدقسمتی سے آئینہ صاف کرنے کا یہ سلسلہ گزشتہ 75 سالوں سے جاری و ساری ہے۔ یہ جو قبریں ہوتی ہیں، پرانی ہو جاتی ہیں۔ نظریۂ ضرورت کے خالق جسٹس منیر، جنرل ایوب خان، یحییٰ خان اور ضیاء الحق کی قبریں بھی پرانی ہو چکی ہیں لیکن جو بات یاد رکھنے کے قابل ہے، وہ یہ ہے کہ قبریں تو پرانی ہو جاتی ہیں لیکن تاریخ پرانی نہیں ہوتی۔ تاریخ کے اوراق بتاتے ہیں کہ اگر بندوق اور ہتھوڑے والے اپنا اپنا کام کرتے، سیاست زدہ نہ ہوتے تو یہ ملک ٹوٹتا اور نہ ہی پاکستان آج multiple بحرانوں کا شکار ہوتا۔

جناب ! تباہی سامنے کھڑی ہے۔ معیشت نزاع کے عالم میں ہے۔ بجٹ کا بڑا حصہ کہاں جاتا ہے؟ بجٹ کا بڑا حصہ قرضوں اور سود کی ادائیگی میں چلا جاتا ہے یا پھر اشرافیہ کی مراعات، دفاعی بجٹ، تنخواہوں اور پینشنز کی مد میں چلا جاتا ہے۔ باقی خلقِ خدا ماتم کرتی رہے۔ یاد رہے، ماہرین بتاتے ہیں کہ ہمارے ملک میں اڑھائی کروڑ بے روزگار ہیں، دس کروڑ وہ لوگ ہیں جو بھوک زدہ ہیں جبکہ ان مشکلات کو کم کرنے کے لیے کم از کم مجھے اس بجٹ میں کچھ نظر نہیں آرہا۔

جناب چیئرمین ! بلوچستان کے بارے میں میٹھی میٹھی باتیں تو میں اس زمانے سے سن رہا ہوں جب میرے سر کے بال کالے ہوتے تھے۔

جناب چیئرمین: تنگی صاحب کہہ رہے ہیں کہ ابھی بھی آپ کے بال مجھ سے زیادہ ہیں تو آپ جوان ہیں۔

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: آپ کے kind words کا شکریہ۔ اس بجٹ میں بلوچستان کے لیے کم از کم مجھے تو کچھ نظر نہیں آرہا۔ ایک بات ہم لوگ اچھی طرح ذہن نشین کرلیں۔ سیاسی استحکام، rule of law, good governance اور منصفانہ احتساب آپ کو ایک بڑی تباہی سے بچا سکتے ہیں۔ بصورتِ دیگر ہمارے محترم ڈار صاحب مانیں یا نہ مانیں economic collapse is hundred per cent certain.

جناب چیئرمین ! آخری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ گمشدہ افراد کے معاملے کو التواء میں ڈالنا کسی بھی اعتبار سے ریاست کے مفاد میں نہیں جاتا۔ جناب وزیراعظم صاحب نے اقتدار سنبھالنے کے بعد بلوچستان کے عوام کے ساتھ یہ وعدہ کیا تھا کہ آپ لاپتہ افراد کے معاملے کو جلد حل کریں گے لیکن تاحال اس حوالے سے کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی۔ بجٹ میں اگر ہمیں کچھ دیں گے، آپ کی مہربانی لیکن لاپتہ افراد کے معاملے کو، ہزاروں کی تعداد میں ان کے جو لواحقین ہیں، ان کی درد اور دکھ کا احساس کرتے ہوئے، اس مسئلے کا حل نکالیں۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: محترم جناب سینیٹر ولید اقبال صاحب۔

Senator Walid Iqbal

سینیٹر ولید اقبال: شکریہ، جناب چیئرمین ! میں مختصر گفتگو کروں گا۔ علامہ اقبال کا معروف مصرعہ ہے کہ 'خاموشی گفتگو ہے بے زبانی ہے زباں میری'۔ شاید بہت ساری باتیں ان کہی رہیں،

میرے فاضل دوست سینیٹر رضا ربانی صاحب موجود نہیں ہیں، وہ ہوتے تو میں انہیں یاد کرواتا کہ اکثر یہی کہا جاتا ہے کہ ان معاملات پر، بجٹ میں سینیٹ کی آواز کون سنتا ہے، سینیٹ کی آواز کہاں تک پہنچتی ہے، volume on بھی ہوتا ہے یا نہیں ہوتا؟ فیض احمد فیض صاحب نے خوب کہا تھا کہ

متاعِ لوح و قلم چھن گئی تو کیا غم ہے
کہ خونِ دل میں ڈبو لی ہیں انگلیاں میں نے
زباں پہ مہر لگی ہے تو کیا کہ رکھ دی ہے
ہر ایک حلقۂ زنجیر میں زباں میں نے

جناب چیئرمین! اگر بجٹ کا جائزہ لیں اور اخبارات کی تمام تر سرخیاں پڑھیں تو اس سے واضح ہو جاتا ہے، سب سے پہلی بات یہ ہے کہ بہت زیادہ اعداد و شمار میں جانا ضروری نہیں ہے، وہ تو ماہرین کر ہی رہے ہیں۔ قرض لے کر current expense, تمام ترقیاتی اخراجات، developmental expenditure کیے جا رہے ہیں۔ یہ ذکر نہیں ہے کہ یہ قرض کہاں سے آئیں گے، اِس سے لے کر اُس کو دیں گے، اُس سے لے کر اِس کو دیں گے، یہاں سے لے کر وہاں کی شرائط پوری کریں گے۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے اور سن رہے ہیں کہ Plan-A ہے، Plan-B ہے اور پھر شاید کسی Plan-C کی بات بھی آ جائے، بلاشبہ روز روشن کی طرح واضح طور پر نظر آتا کہ یہ ایک بھکاری قوم کا بجٹ ہے۔ اس بجٹ میں کوئی اصلاحات نہیں پائی جاتیں، کوئی جرأت مندانہ اقدام اس بجٹ میں نہیں لیا گیا۔ کسی مقدس گائے پر بوجھ نہیں ڈالا گیا۔ ابھی قائد حزب اختلاف نے یہی کہا کہ real estate, retail, agriculture اور دیگر کسی پر کوئی بوجھ نہیں ڈالا گیا، یہ جرأت مندانہ اقدام ہوتا ہے، یہ اصلاحات کی طرف ایک قدم ہوتا ہے۔ State owned enterprises, ریاست کے ملکیتی ادارے جو مسلسل نقصان میں ہیں، ہمارے ملک کو پاتال کی طرف کھینچ رہے ہیں، اس میں ان کو چھیڑنا گوارہ نہیں کیا گیا، اس شعبے میں نجکاری یا اصلاحات کی کوئی بات نہیں ہے۔ Power sector اور اس کے گردشی قرض، IPPs, ابھی ایک اور بھی IPP آج کل میدان میں اتری ہوئی ہے، اس کے گردشی قرضوں کو دیکھیں گے کہ وہ کہاں تک پہنچتے ہیں۔ Power sector کو fix کرنے کی بات نہیں ہے تو کہاں کے جرأت مندانہ اقدامات

ہیں، کہاں کی اصلاحات ہیں؟ یہ ایک بھکاری قوم کا بجٹ ہونے کے ساتھ ساتھ ووٹروں کے قہر سے بچنے کا بھی بجٹ ہے۔

جناب چیئرمین! جس طرح میرے فاضل دوست اعظم نذیر تارڑ صاحب، وزیر قانون ابھی فرمارہے تھے کہ ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی معیشت کو انہوں نے ایک سال پہلے سنبھالا۔ یہ ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی معیشت تھی، کہہ رہے ہیں کہ mediaآزاد ہے، ان کا survey of Pakistan بھی آزاد ہے۔ میں پھر دہراؤں گا بہت سارے اعداد وشمار جو اُس ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی معیشت کے بارے میں قائد حزب اختلاف نے جن کی طرف ہماری توجہ مبذول کروائی۔ ہمارا GDP growth April, 2022 میں، ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی economy میں 6.1% تھا اور اب اس سال کے اختتام پر 0.29% پر گر چکا ہے۔ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی economy میں زراعت 4.27% تھی اب یہ 1% پر آ گئی ہے۔ اس ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی economy میں industrial growth 6.83% تھی اب یہ 2.49% پر گر چکی ہے۔ Manufacturing growth 11% پر تھی، موجودہ دور میں یہ 3.91%- پر ہے۔ Construction growth 2% تھی اب یہ 5.53%- پر ہے۔ ایک سال پہلے services growth 6% پر تھی اب یہ 0.86% پر ہے۔ April, 2022 میں IT and communication growth 16% تھی اب یہ 6.93% پر آ گئی ہے۔ Large scale manufacturing growth 11% تھی اب یہ 8%- پر چلی گئی ہے۔ یہ ٹوٹی پھوٹی، سسکتی ہوئی economy ہم نے دی ہے یا اس حکومت نے دی ہے؟ ماشاءاللہ ان کا طرہ امتیاز مہنگائی کی شرح اوسطاً 11.3% پر چھوڑ کر گئے تھے اور اس وقت 30% پر ہے۔ ایک سال پہلے کا سو روپیہ آج ستر روپے کے برابر ہو گیا ہے۔ خواجہ میر درد نے خوب کہا تھا کہ؛

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

جناب چیئرمین! زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے، یہ لوگ جو ہماری حاضریاں لگا رہے ہیں، ان سے پوچھیں جو دروازوں پر بیٹھے ہوئے ہیں، جو ہمیں کاغذ پینسل پکڑاتے ہیں، پوچھیں Sergeant-At-Arms سے پوچھیں جو یہاں ہمیں تحفظ دے رہے ہیں اور باہر main

entrance کی رکھوالی کر رہے ہیں، پوچھیں ان کلرکوں سے، ان نائب قاصدوں سے زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے، ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے۔ علامہ اقبال نے بھی خوب کہا تھا کہ:

یہ علم یہ حکمت یہ تدبر یہ حکومت
پیتے ہیں لہو دیتے ہیں تعلیمِ مساوات

جناب چیئرمین! اس مصیبت میں، ان طوفانی حالات میں بجٹ کی کوئی حیثیت اور اس سے اسے آزاد کرنے کا کام نہیں ہے۔ میں اس معاشی اور عمومی صورت حال میں ایک ہی پیغام اپنے عوام کو دینا چاہوں گا، وہ پیغام خالق پاکستان حضرت قائداعظم محمد علی جناح کا ہے کہ مسلمان مصیبت میں گھبرایا نہیں کرتا۔ شکریہ، پاکستان پائندہ باد۔

جناب چیئرمین: محترم سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی صاحب۔

Senator Dr. Asif Kirmani

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں نے تو اس لیے بٹن دبایا تھا کہ میں نے قائد حزب اختلاف کی ایک بڑی برفانی تقریر سنی، وہ کچھ ایسی باتیں کر کے چلے گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ بجٹ پر بھی بات کرنی ہے اور انہوں نے بھی کچھ ایسی گفتگو کی ہے جس کا جواب دینا اور record کو درست رکھنا میں ضروری سمجھتا ہوں۔ جناب والا! انہوں نے یہاں بڑی باتیں کیں، بجٹ پر تنقید کی، ان کا حق ہے لیکن وہ یہ بتانا بھول گئے کہ ہم جو پچھلے چار سالوں سے ان سے بار بار یہ سوال کرتے تھے، اگر وہ اس وقت یہاں موجود ہوتے تو میں آج یہ سوال پھر کرتا کہ پچاس لاکھ گھروں اور ایک کروڑ نوکریوں کا کیا بنا، وہ کدھر ہیں؟ ذرا اپنے بھی گریبانوں میں جھانک لیتے تو بہتر تھا۔ آپ چار سال تک ایک page پر اقتدار میں رہے، آپ دن رات، صبح شام same page کا چرچا کرتے نہیں تھکتے تھے۔ آج آپ کہتے ہیں کہ معیشت کھڈے میں چلی گئی ہے۔ مجھے بتایا جائے کہ شوکت ترین صاحب کس کے وزیر خزانہ تھے؟ وہ اپنے صوبائی وزرائے خزانہ کو فون کر کے کیا کہہ رہے تھے کہ IMF کو خط لکھو کہ وہ پاکستان کی معیشت کو سنبھالا نہ دے، یہ ان کا اپنا کردار تھا، یہ باتیں بھول جاتے ہیں۔ انہوں نے میثاق معیشت کا ذکر کیا جو شہباز شریف صاحب نے as a Leader of the Opposition ان کی طرف ہاتھ بڑھایا تھا، اس پر انہوں نے کہا کہ یہ سنجیدہ نہیں تھے۔ آج انہوں نے جمہوریت کے بارے میں بہت زور دیا اور اس پر lecture دیا لیکن

ان کے اپنے چیئرمین کا یہ حال ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں کسی سیاسی قوت سے بات کرنے کو تیار نہیں ہوں۔ میں نے اگر بات کرنی ہے تو Army Chief سے بات کرنی ہے جو اس سے بات کرنے کو تیار نہیں، ذرا مضحکہ خیز صورت حال دیکھیں کہ بات جمہوریت کی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں سیاسی قوتوں، جماعتوں سے بات نہیں کروں گا، میں تو Army Chief سے بات کروں گا، یہ ان کی جمہوریت ہے۔ دراصل ان کے ساتھ جو کچھ ہوا، بلکہ میں یہ کہوں گا کہ جنہوں نے خود اپنے ساتھ یہ کیا، میری مراد سانحہ 9 مئی سے ہے۔ آج پاکستان کی جو یہ اتحادی حکومت ہے، اس نے 9جون کو جو بجٹ پیش کیا ہے، اسے 9 مئی کے سانحے سے صرف ایک مہینہ ہو رہا ہے۔ آپ غور کیجئے۔ 9 مئی کے دن ان کی بھی ایک red line تھی لیکن پاکستان کے 24 کروڑ عوام کی جو red line تھی، ہے اور رہے گی، اس کا نام ریاست پاکستان ہے۔ پاکستان اور پاک فوج ہماری red line ہے۔ ان پر حملہ کر کے انہوں نے اپنا fascist چہرہ پوری دنیا کو دکھایا اور پھر یہاں گفتگو کرتے ہیں۔ اس کے بعد قرضوں کی بات کی گئی۔ کیا یہ ریکارڈ پر نہیں ہے کہ انہوں نے اپنے چار سالہ دور میں اتنے قرضے لئے جتنے پاکستان کے 75 سالوں میں نہیں لیے گئے تھے۔ ایک میگا پروجیکٹ دکھائیں جو انہوں نے لگایا ہو اور پھر بات کرتے ہیں۔ کہاں گیا وہ Billion Tree Tsunami project? آپ کی جو BRT ہے، وہ آج تک چل نہیں پا رہی ہے۔ ہاں! یہ ضرور ہوا کہ آپ نے ایک مخصوص ٹولے کو نوازا اور قوم اور ملک کے خون پسینے کے کمائی ہوئی tax money کو ضائع کر دیا۔ میں اس کی ایک مثال دیتا ہوں۔ 190 million pounds جو آج کے وقت میں 70 ارب روپے بنتے ہیں، وہ قومی خزانے میں جمع کرانے کے بجائے کہ وہ غریب اور middle class کے لئے خرچ ہوتے جن کے لئے قائد اعظم نے پاکستان بنایا تھا، وہ بھی اپنے پیٹ میں ڈال کر بغیر ڈھکار کے ہضم کر گئے۔ گزارش یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ when you point a finger at somebody, the rest of the fingers point at you. پاکستان اس وقت غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے۔

جناب! اگر یہ بات موازنے کی کرتے ہیں کہ آج food inflation 38 per cent ہے، بالکل ایسا ہی ہے لیکن اس کی بنیاد کس نے رکھی۔ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے IMF معاہدے کو breach کیا۔ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے IMF سے معاہدہ کر کے اپنے

Leader of the Opposition نے فرمایا کہ پھر یہ ایک love and hate relationship بن گئی۔ IMF کے ساتھ hate relationship کی بنیاد آپ کے وقت میں آپ کے چیئرمین اور معاشی ٹیم نے رکھی اور پھر یہ مورد الزام ہمیں ٹھہراتے ہیں۔ کتنے ظلم کی بات ہے کہ ایک طرف آپ پاکستان پر حملہ کرتے ہیں، پاک فوج پر حملہ کرتے ہیں، شہداء کی یادگاروں کو تباہ کرتے ہیں اور اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ بڑی ہمت، جرات اور حوصلہ ہے کہ یہاں آ کر بیٹھ بھی جاتے ہیں۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو براہ مہربانی مجھے بات کرنے دیں۔ دوسری بات یہ کہ انہوں نے صبح، دوپہر اور شام default کی رٹ لگائی رکھی۔ الحمدللہ! آج کی تاریخ تک پاکستان default نہیں ہوا۔ تمام ادائیگیاں کر دی گئی ہیں اور میں یقین دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ آگے بھی پاکستان default نہیں ہوگا۔ ابھی جیسے Leader of the Opposition نے بات کی، جب یہ سارا ملبہ ہم پر ڈالتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ ان کے دور میں سب اچھا تھا اور ساری برائیاں اس وجہ سے ہیں کیونکہ ان کی حکومت نہیں رہی۔ اس بات پر مجھے منیر نیازی صاحب کا ایک شعر یاد آیا۔ وہ کہتے ہیں کہ

شہر کو برباد کرکے رکھ دیا اس نے منیر
شہر پر یہ ظلم اس نے میرے نام پر کیا

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے پاکستان کو تباہ و برباد کیا، پاکستان کی نظریاتی اساس اور معیشت کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ آج وہ یہاں معصوم بنے ہیں اور ہمیں لیکچر دے رہے ہیں۔

جناب! میں بس conclude کرکے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے موازنہ کرنا ہے تو ضرور کیجئے لیکن پھر موازنہ 2013 سے 2017 تک ہوگا۔ میاں نواز شریف کے دور میں food inflation 3 or 4 per cent تھی۔ اگر آپ نے موازنہ کرنا ہے تو یہ موازنہ کیجئے۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو! اگر آج سے کرنا ہے تو آج سے کریں۔۔۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No cross talk, please.

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: اس دور میں آپ کو ملک ریاض کے ساتھ مل کر ٹھگیاں نظر نہیں آئیں گی۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب مجھ سے بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: جناب! مجھ سے cross talk کی جارہی ہے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: آپ لوگوں کو 70 ارب روپے کا حساب دینا ہوگا۔ ہم آپ لوگوں سے حساب لیں گے۔ 9 مئی کو آپ لوگوں نے پاکستان کو آگ لگائی۔ آپ لوگوں نے پاک فوج پر حملہ کیا۔ آپ لوگوں کی اتنی جرات کہ آج ایوان میں بیٹھ کر بات کرنا چاہتے ہو۔

جناب چیئرمین: سینیٹر بہرہ مند خان تنگی تشریف رکھیں۔ براہ مہربانی cross talk نہ کریں۔

(مداخلت)

(اپوزیشن اراکین سینیٹر سیف اللہ ابڑو اور سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کرتے رہے)

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: آپ لوگ دشمن پاکستان ہو۔ آپ لوگ دشمن پاک فوج ہو۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو، خاموش رہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: میں نے Leader of the Opposition کی بات بڑے تحمل سے سنی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو براہ مہربانی خاموش رہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: سانحہ 9 مئی کا حساب دو، پاکستان اور پاک فوج پر حملے کا حساب دو اور جناح ہاؤس پر حملے کا حساب دو۔

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: انہوں نے 2008 کی بات کی۔ اس وقت inflation 25 per cent تھی۔ ہم نے آپ کی بات بڑے تحمل سے سنی۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور براہ مہربانی اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو براہ مہربانی خاموش ہو جائیں۔

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: آپ قائد اعظم کے مزار پر جائیں اور معافی مانگیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر بہرہ مند خان تنگی براہ مہربانی اپنی باری پر بولیں۔

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: میں نے ان سے کہا کہ 9 مئی کے گناہوں پر معافی مانگو۔ GHQ پر حملے کی معافی مانگو۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور براہ مہربانی اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔ اپنی باری پر بولیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: سینیٹر صاحبہ مجھے تم کہہ کر بات کر رہی ہیں۔ اگر وہ مجھے تم کہیں گی تو میں انہیں تو کہوں گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی آپ بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی: میں عرض کر رہا تھا کہ ہم نے بہت تحمل سے بات سنی ہے، میں نے کوئی غیر پارلیمانی لفظ نہیں استعمال کیا، میں نے کہا معافی مانگو۔ بھائی جرم کیا ہے تو معافی مانگو، جناح ہاؤس پر حملہ کیا ہے، معافی مانگو، جی ایچ کیو پر حملہ کیا ہے، معافی مانگو، میانوالی میں فضائیہ کے جہاز پر حملہ کیا ہے، معافی مانگو۔ ہم تو کہتے ہیں ایوان میں معافی مانگو، یہاں پر فاضل ممبران ہیں کوئی احساس تو ہو۔

جناب والا! جہاں تک بجٹ کی بات ہے اب دیکھیں انہوں نے سارا میرا ذہن منتشر کر دیا ہے۔ میں نے بجٹ پر ہی بات کرنی تھی لیکن ادھورا رہ گیا ہے۔ اب میں بجٹ پر کل ہی بات کروں گا، آخر میں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ غیر معمولی حالات تھے جن میں ایک بجٹ پیش کیا گیا ہے اور اس میں بہت سے مثبت پہلو بھی ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ اس بجٹ سے کافی لوگوں کو فائدہ ہوگا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں مزید بہتری کی گنجائش تھی اور ہے اور وقت آنے کے ساتھ ان شاء اللہ پاکستان سے ایک جو آسیب کا سایہ تھا وہ دور ہوا ہے اور آسیب کی نحوست کے بادل چھٹے ہیں، ان شاء

اللہ پاکستان پی ڈی ایم کی قیادت میں، پاکستان مسلم لیگ نون کی قیادت میں، نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو ان شاء اللہ ہم قائد اعظم کے vision کے مطابق پاکستان بنا کر دم لیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ثانیہ نشتر۔

Senator Sania Nishtar

سینیٹر ثانیہ نشتر: شکریہ جناب والا مجھے فلور دینے کے لیے۔ میں صرف بجٹ پر ہی بات کروں گی۔ بجٹ صرف محصولات اور اخراجات کا کھاتہ نہیں ہوتا، یہ کسی بھی حکومت کی سب سے اہم دستاویز ہوتی ہے کیونکہ حکومت اس کے ذریعے اپنی fiscal policy کی priorities, اپنی public policies کی priorities, اپنی overall priorities کو signal کرتی ہے۔ بجٹ کے ذریعے حکومت مارکیٹ کو، investor کو، private sector کو بھی پیغام دیتی ہے اور ایک وفاقی طرز حکومت میں بجٹ جو ہوتا ہے، اس کی پالیسی جو ہوتی ہے وہ بین الصوبائی اور صوبائی اور وفاقی تعلقات میں بھی بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔

Mr. Chairman: Please order in the House.

مولانا فیض محمد صاحب سنیں۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: بجٹ جو ہوتا ہے اور ہمارا جو بجٹ ہے اس کا parliamentary oversight سے کیا تعلق ہے؟ سب سے پہلے تو یہ کہ اس کا بہت کم تعلق ہے کیونکہ Article 84 of the Constitution جو ہے اور پاکستان کا جو آئین ہے غالباً یہ بنگلہ دیش کے علاوہ واحد آئین ہے جس میں حکومت کو یہ اجازت دی گئی ہے کہ وہ supplementary budgets پورے سال لاتی جائے اور parliamentary approval کے بغیر ان کو approve کرتی جائے اور یہ بہت بڑی anomaly ہے اور آپ کو معلوم ہے کہ میں نے اس سلسلے میں constitutional amendment بھی پیش کی ہوئی ہے۔ سب سے پہلے تو یہ کہ بجٹ کی کیا حیثیت ہے کہ جب article 84 of the constitution موجود ہے۔ اس کے علاوہ یہ جو figures ہمارے سامنے رکھی گئی ہیں یہ تو ایسے بھی provisional figures ہیں ہمیشہ ہی provisional figures ہوتی ہیں اور یہ ہمیشہ ہی تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ بہر حال جو بھی مطابقت ہے اس حوالے سے میں تین چیزوں پر بات کرنا چاہتی ہوں۔ ایک تو جو overall

context ہے جو overall تناظر ہے جس پر اب یہ بات ہو رہی ہے اس کو نہیں بھولنا چاہیے۔ نمبر دو یہ میرے کچھ سوالات ہیں ان assumptions کے بارے میں جو حکومت کی طرف سے کی گئی ہیں، ان parameters کے بارے میں جو outlined ہیں اور نمبر تین یہ کہ سینیٹ کا یہ mandate ہوتا ہے کہ وہ recommendations دے تو پھر کچھ recommendations بھی میں آپ کی خدمت میں رکھوں گی۔ سب سے پہلے overall context must be brought to bear and bottom-line یہ ہے کہ ہمارے خرچے آمدن سے دگنے ہیں۔ یعنی صوبوں کو ان کا حصہ دینے کے بعد وفاقی حکومت کے پاس جو پیسے بچتے ہیں وہ interest payment کے لیے بھی ناکافی ہیں اور ایک ایسا ملک جس میں 80% revenue mark-up payments کی مد میں چلا جائے تو وہ ملک کیسے چل سکتا ہے؟ میرا یہ سوال ہم سب سے ہے۔ So, there is a need of a fundamental rethink. جناب چیئرمین! اب ہم debt traps میں پھنس چکے ہیں۔ وزیر خزانہ صاحب نے یہ بات خود کہی ہے جبکہ انہوں نے debt restructuring or debt re-profiling پر زیادہ بات نہیں کی ہے۔ ہم اب debt restructuring کی طرف جا رہے ہیں۔ ہم اپنے قرضے pay نہیں کر سکتے۔ ہمارے reserves 3.9 billions ہیں جو صرف ایک مہینے کی imports کے لیے کافی ہوں گے۔ ملک default کے دہانے پر کھڑا ہوا ہے اور وہ کیسے، اس پر میں بعد میں آؤں گی۔ This is a very serious situation. اس وقت ملک میں 38% inflation ہے۔ Rs.120/- currency devalue ہو چکی ہے۔ According to experts ہماری economy 3% shrink ہو چکی ہے۔ 80 لاکھ workers بے روزگار ہو چکے ہیں۔ دس کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں۔ ان سب کے علاوہ اور بھی بہت سے crises ہیں، جیسا کہ political crisis ہے، پھر اس وقت industry میں بہت سے crises ہیں۔ لہٰذا اس تمام صورتحال کے نتیجے ہیں ہمارے لیے ایک بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے کیونکہ ملک سے باہر صرف investment نہیں جا رہی ہے بلکہ اس وقت ملک سے ایک massive and scary brain drain بھی ہو رہا ہے۔ اس وقت بجٹ پر

بات کرنے سے پہلے it is very important کہ ہم وہ context یا تناظر دیکھ لیں جس میں یہ بات ہو رہی ہے۔

اب میں figures پر آتی ہوں۔ میرے دیگر ساتھیوں نے بھی figures کی بات کی ہے کیونکہ budget speech میں بھی 2008 اور 2018 سے موازنہ ہو رہا تھا۔ It is only fair and it is only appropriate کہ ہم 2002 سے بھی موازنہ کریں۔ میں جلدی سے یہ figures آپ کے سامنے رکھتی ہوں؛ آج ہماری 0.29% growth ہے جبکہ پچھلے 02 consecutive years میں 6% تھی اور میں کوئی سیاسی باتیں نہیں کر رہی ہوں بلکہ میں یہ Economy Survey سے cite کر رہی ہوں اور جہاں میں اس سے cite نہیں کروں گی تو بتا بھی دوں گی۔ Industrial growth 6.83% تھی جبکہ آج 2.9% ہے۔ Large scale manufacturing growth 6.8% تھی جبکہ آج 0.8% ہے۔ Services Sector کی growth 6.59% تھی جبکہ آج 0.8% ہے۔ Per capita income US$ 1765 تھی جبکہ آج US$ 1568 ہے۔ Investment to GDP ratio 15% تھی جبکہ آج 13.6% ہے۔ ہماری یعنی PTI حکومت میں average of inflation 11.5% تھی جبکہ اس سال 28.2% ہے اور جو projections ہیں ان پر میں بعد میں بات کروں گی۔ مئی کے مہینے کی inflation 38% تھی اور یہ پچھلے مئی میں 12% تھی۔ Food inflation 12.5% تھی جبکہ آج 37.3% ہے۔ Forex reserves 16 billions تھے جبکہ آج 3.9 billions ہیں۔ Current Account Deficit کے جو 03 components ہیں ان میں exports میں 11% کمی آئی ہے، remittances میں 13% کمی آئی ہے۔ Imports میں خاطر خواہ کمی آئی ہے اور اس وجہ سے current account deficit بہتر ہے مگر ان bans کا industry پر کیا اثر پڑا ہے، ان bans کا smuggling پر کیا اثر پڑا ہے، ان bans کا GDP کی shrinkage پر کیا اثر پڑا ہے، that needs to be seen also. پھر انہوں نے fiscal deficit کا 4.5% target رکھا تھا جبکہ یہ 6.4% ہے۔ یہ تو کچھ

figures ہیں جو بہت جلدی میں میں نے آپ کے سامنے رکھے ہیں۔ اب میں کچھ سوالوں کی طرف آتی ہوں۔

اس سال بجٹ میں 3.5% growth projection ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ 3.5% growth کس طرح achieve ہوگی جب آپ نے bona fide documented businesses پر 10% super tax لگادیا ہے، already 21% interest rate ہے، already ان کی LCs نہیں کھل رہیں۔ ہماری ساری exports import dependent ہے، ان کی LCs نہیں کھل رہیں، ان کا سامان نہیں آرہا۔ ان کی input cost اوپر چلی گئی ہے، Rupee devalue ہوا ہے، وہ dividend باہر بھیج نہیں سک رہے، investments آنہیں رہیں۔

میرے یہ آپ سے سوال ہیں احترام سے کہ جو growth 3.5% ہے اس کی کیا bases and assumptions ہیں؟ اس سے related industrial growth 4.3% کا target ہے پچھلے دو مہینوں میں تو double digits contraction ہوئی ہے اس کی کیا strategy ہے۔ Large scale manufacturing growth 0.8% سے بڑھ کر 3.2% کیسے ہوگی۔ External financing کا جو آپ کا target ہے جو آپ borrowing کرنے جارہے ہیں کمرشل بنکوں سے، bilateral سے، یورو بانڈ ہے، سکوک بانڈ ہے۔ Fitch and Moody's کی تو ہماری rating وہیں کی وہیں کھڑی ہے۔ 80% mark up پر ہم مارکیٹ سے پیسے کیسے اٹھائیں گے، respectfully, this is a question, اور آج اگر 38% inflation ہے اور آپ نے overall average 21% inflation target دیا ہوا ہے تو اگلے چند ماہ میں 4% inflation ہو جائے گی، 5% ہو جائے گی۔ outer months میں zero per cent ہو جائے گی۔ یہ کیسے ہوگا کہ آپ 21% inflation پر average دے رہے ہیں۔

اب میں کچھ revenue targets کے متعلق کچھ سوالوں پر آنا چاہتی ہوں۔ آپ کا outgoing year کا ریونیو سات ہزار ارب تھا، آپ نے اس کو بڑھا کر نو ہزار دو سو ارب کر دیا ہے یعنی 30% increase ہے، خود ایف بی آر کہہ رہا ہے کہ ہم آٹھ ہزار چھ سو ارب

ریونیو اکٹھا کر سکیں گے تو 600 billion short fall تو یہیں پر آ گیا۔ اور یہ by international comparison 30% increase in revenue یہ بہت زیادہ wishful thinking ہے، یہ بہت زیادہ unrealistic ہے، یہ کیسے ہوگا۔ Specially جب ابھی میں کہہ چکی ہوں جب آپ bona fide industry پر ٹیکس لگا رہے ہیں، سپر ٹیکس لگا رہے ہیں جبکہ آپ کی inflation ہے، آپ کی currency devaluation ہے، آپ کی input costs ہیں، ہر طرح کی disincentive ہے، ہر طرح کا negative environment ہے bona fide businesses growth کے لئے تو یہ ٹیکس کس طرح collect ہوگا۔

پھر non-tax revenue کی مد میں petroleum levy 650 billion کیسے اکٹھا ہوگا جبکہ پچھلے سال تو petroleum levy target meet نہیں ہوا تھا۔ جو non-tax revenue کی مد میں State Bank of Pakistan کو جو dividend expect کیا گیا ہے 1.2 trillion یہ کتنا realistic ہے۔

جناب چیئرمین، میں چونکہ revenue mobilization کی مد میں یہ سوال کر رہی ہوں تو in the same way remittances پر میرا سوال یہ ہے کہ 33 billion کی آپ کی projection ہے۔ آئی ایم ایف کا پروگرام ابھی ہے نہیں، exchange rate میں کوئی stability نہیں ہے اور market exchange rate and black market exchange rate میں بہت زیادہ gulf ہے تو سب کو پتا ہے کہ ہنڈی کا استعمال زیادہ ہو رہا ہے۔ باہر سے جو لوگ پیسے remit کر رہے ہیں ان کو disincentive ہے تو اس environment میں یہ 33 Billion remittances کیا unrealistic نہیں ہیں؟

میرا اگلا سوال revenue target کی مد میں provincial surplus پر ہے جو آپ نے کوئی چھ سو ارب بتایا ہوا ہے۔ اب اس میں دو factors ہیں، ایک تو یہ ہے کہ سندھ کا بجٹ already آیا ہوا ہے، سندھ کی مد میں آپ نے 165 billion جو surplus تھا جو آپ کی expectation تھی کہ یہ سندھ سے آئے گا، مگر سندھ نے تو اپنا budget

minus 38% report کیا ہے۔ یہ provincial surplus expectation بہت ہی unrealistic ہے۔

اس کے علاوہ تنخواہوں میں جواضافہ کیا گیا ہے اس کا ابھی صوبوں پر ripple effect آئے گا۔ جب یہ ripple effect آتا ہے تو اس کا تمام صوبوں کا حجم پانچ سو سے لے کر چھ سو بلین ہوتا ہے۔ اگر کوئی چھوٹا موٹا provincial surplus ہو بھی تو وہ اس مد میں خرچ ہو جائے گا تو provincial surplus کی تو ہماری expectation بالکل ہی logical نہیں ہے۔

اس کے علاوہ میں پہلے بھی کہہ چکی ہوں کہ external financing کے بارے میں Fitch and Moody's کی international ratings وہیں پر کھڑی ہیں۔ 80% mark up پر آپ کو پیسے مل رہے ہیں تو یہ آپ کس طرح اٹھائیں گے۔ معذرت کے ساتھ یہ بھی unrealistic ہے۔

جناب چیئرمین: جی میڈم۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: اب جناب چیئرمین، میں expenditure side کے سوالوں پر آتی ہوں۔ اس پر میرا پہلا سوال ہے کہ جب آپ نے بنایا اور please correct me if I am off the mark جب بجٹ بنایا تو اس میں 20% salaries increase کی گئیں۔ پھر جب یہ pink books چھپ گئیں تو پھر کابینہ کا یہ فیصلہ ہوا کہ ایک سے سولہ گریڈ تک 35% اور سترہ سے بائیس گریڈ تک تیس فیصد بڑھانی ہیں۔ حکومت کا prerogative ہے، لوگوں کا فائدہ ہو تو اس میں کسی کو غم تو نہیں ہوتا بلکہ خوشی ہی ہوتی ہے مگر یہ environment کا بہت فرق ہے۔ یہ environment ایسا نہیں تھا جہاں ہم اپنے expenditure کو اس طرح سے بڑھائیں، ہر کسی کو belt tightening کرنی تھی خیر وہ تو ایک overall policy level چیز ہے مگر بات میں یہ کر رہی تھی کہ آپ جو 20% سے 35% اور 30% پر لے گئے ہیں اس سے تو آپ کا expenditure overrun لازمی ہوگا۔ Debt servicing کی مد میں پچھلے سال بھی آپ کا estimate چار ہزار ارب تھا۔

جناب چیئرمین: جی۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: اور یہ پانچ ہزار پانچ سو ارب ہوگیا تو یہاں بھی expenditure overrun ہوگا۔ پھر mark up payments میں بھی آپ کا significant expenditure overrun ہوگا۔

جناب چیئرمین: جی میڈم! Wind up کریں پلیز۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: چیئرمین صاحب! آپ سے گزارش ہے کہ مجھے تھوڑا وقت دے دیں، I really request you.

جناب چیئرمین: میڈم، پندرہ منٹ ہوگئے ہیں۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: یہ جو revenue shortfall ہے جس کی میں نے پہلے بات کی ہے اور جو expenditure overrun ہے اس سے آپ کا fiscal deficit جو آپ نے 6.5 trillion estimate کیا ہے یہ لازمی 8.6 billion پر جائے گا۔ تو اس کی kindly review کیجئے۔

اب میرے کچھ اور سوال ہیں، overall policy, taxation policy کے بارے میں، حکومت نے یہ کہا ہے کہ جو unexpected gains ہیں، جو other income ہے اس پر 50% tax ہوگا۔ یہ retrospective بھی ہوگا، Tax officials کی حد تک یہ discretionary بھی ہوگا تو میرا سوال یہ ہے کہ کیا Tax Jurisprudence and Tax litigation میں اس طرح کی مثالوں سے deal کرنے کی جو examples ہیں، کیا ان کو دیکھ لیا گیا ہے کیونکہ یہ تو بالکل unattainable لگتا ہے۔

دوسرا یہ ہے کہ non-filers کی cash withdrawal پر آپ نے 0.6% tax لگایا ہے تو سوال میرا یہ ہے کہ اس کا cash economy, inflation, financial inclusion, overall demand, interest rate, savings پر اور informal economy and cash economy کو further کرنے میں کیا impact ہوگا۔ کیا اس کو ہم نے دیکھا ہے؟

جناب چیئرمین: جی۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: اس کے علاوہ آپ نے ایسا کیوں کیا کہ آپ نے *bona fide* documented businesses پر تو ٹیکس لگایا، SMEs پر بھی وہ ٹیکس لگایا اس بات سے قطع نظر کہ SMEs کا credit already crowded out ہوگا کیونکہ حکومت نے اتنا زیادہ پیسا کمرشل بنکوں سے اٹھانا ہے مگر آپ نے نہ real estate کو tax کیا، نہ retailers کو tax کیا، نہ wholesalers کو ٹیکس کیا، نہ تاجروں کو ٹیکس کیا۔ آپ نے ایک لاکھ ڈالر کی amnesty دی ہے کیا آپ نے یہ دیکھا ہے کہ اس کا منی لانڈرنگ پر کیا اثر پڑے گا۔ آپ نے ایسا کیوں کیا، حکومت نے ایسا کیوں کیا کہ جو amnesty آپ نے دی اس میں آپ نے رئیل اسٹیٹ میں investment میں incentive رکھ دیا ہے کہ جو باہر سے پیسے لائے گا اور رئیل اسٹیٹ میں invest کرے گا اس کو tax benefit ملے گا، اس کو incentive ملے گا کیونکہ رئیل اسٹیٹ تو ایک non-productive factor ہے تو آپ نے ایسا کیوں کیا؟

جناب چیئرمین: جی میڈم۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: میرا اگلا سوال یہ ہے کہ بجٹ میں یہ لکھی ہوئی ہے کہ targeted subsidy, utility stores کی 35 billion کی subsidy untargeted subsidy ہوتی ہے۔ ان کی general commodities کی قیمت نیچے رکھنے کے لیے یہ وہ targeted subsidy کا نظام نہیں ہے جو ہماری حکومت لائی تھی جس میں ہم نے utility stores کی digitalization کی تھی، کریانہ سٹورز کی digitalization کی تھی، digital point of sale بنایا تھا۔ ہر utility store پر کمپیوٹر رکھوایا تھا، اس کو احساس سے link کیا تھا، اس پر آج بھی ایک system موجود ہے۔ جہاں آپ لوگوں کو رعایت دے سکتے ہیں جو مستحق ہوں۔ یہ وہ targeted subsidy کا نظام نہیں ہے۔ آپ نے اس میں پیسے کیوں نہیں رکھے؟ آپ کہہ رہے ہیں کہ BISP کا بجٹ 400 billion سے 450 billion کر لیا ہے مگر آپ نے تو 43 billion fuel adjustment میں ایک subsidy announce کی تھی جس کی zero disbursement تھی، وہی subsidy آپ نے rollover کر کے سیلاب کی مد میں دے دی۔ اگر آپ یہ ساری چیزیں triangulate کر کے دیکھیں تو آپ نے BISP کا بجٹ 12% بڑھایا ہے۔ تنخواہیں آپ نے تیس فیصد بڑھائیں،

پنشن 17% بڑھائی، BISP کو آپ کہاں سے کہاں لے گئے۔ اس کا بجٹ آپ نے کیوں زیادہ نہیں کیا؟ یہ کیوں 12% ہے؟ آپ نے minimum wage 25,000 سے 32,000 روپے کی ، بہت اچھا کیا مگر آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ جب بھی minimum wage increase ہوتی ہے، اس پر stay orders لیے جاتے ہیں اور غریب مزدور کو وہ minimum wage سالہاسال نہیں مل رہی۔ 22 لاکھ ریڑھی بان تھے جن کا ہم نے pilot کیا تھا۔ اگر آپ اس pilot کو scale-up کرکے ریڑھی بانوں کے لیے licenses اور support announce کر دیتے تو کیا ہی اچھا ہوتا مگر آپ نے اس پروگرام کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا ہے۔

جناب چیئرمین! میرا آخری سوال آئی ایم ایف سے متعلق ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ میڈم۔ آخری ہے، اس لیے میں نے کہا کہ شکریہ۔ جی۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: آئی ایم ایف، 6.5 trillion کا deficit ہے، 2 trillion کے tax exemptions, untargeted tax exemptions جو امراء اور elites کو ملتے ہیں۔ اصلاحات پر کوئی commitment نہیں ہے اور expending spree. جب آئی ایم ایف یہ دیکھے گا، ان کو تو signal یہی ملے گا کہ ہم serious نہیں ہیں، ہم committed نہیں ہیں اور as a lender of last resort, IMF تو یہی کہے گا کہ we don't want them to default under our watch. ہم ان کو کیا signal کر رہے ہیں؟ یہ صاف ظاہر ہے کہ 30 جون سر پر کھڑا ہے، 9th review, 10th review، 9th تو درکنار، 9th review بھی نہیں ہوگا۔ حکومتی اہلکار بارہا کہہ چکے ہیں کہ next Government IMF programme negotiate کرے جو ٹھیک کہہ رہے ہیں اور اچھی بات ہے مگر اگلی حکومت تو اکتوبر، نومبر میں آئے گی، اگر انتخابات ہوگئے۔ ہماری incoming quarter میں تو interest payments آئی کھڑی ہیں، ہمیں آئی ایم ایف پروگرام کے بغیر کسی نے قرضہ بھی نہیں دینا ہے۔ کیا ہم next incoming Government کے لیے ایسا ماحول نہیں بنا رہے کہ اس کے under watch default ہو؟ یہ میرا آپ سے سوال ہے۔

جناب چیئرمین! In summary, and to conclude, ہم نے ایک populist budget دیا ہے جس میں ہم نے MNAs کو خوش کیا ہے، معذرت کے ساتھ کہنا چاہتی ہوں، ہم نے حکومتی اہلکاروں کو خوش کیا ہے، ہم نے سرکاری ملازمین کو خوش کیا ہے۔ ایک populist political appeasement کا بجٹ تھا۔ ہم نے bona fide businesses پر ٹیکس لگائے ہیں اور undocumented sector کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ ہم نے traders, real estate sector, retailers, wholesalers, کو ہاتھ بھی نہیں لگایا۔ ہم ایک بجٹ دے رہے ہیں جس میں serious revenue shortfall ہے، جس میں serious expenditure overruns لازمی ہوں گے اور جس میں still deficit ہم نے underestimate کیا ہوا ہے۔ یہ بجٹ کا خلاصہ ہے۔ میں اب بات نہیں کرنا چاہتی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: جناب چیئرمین! صرف 15 seconds میں آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کیونکہ ہمارا یہ بھی mandate ہے کہ ہم کچھ recommendations دیں۔ میری طرف سے یہ recommendation ہے، میری ناقص عقل میں، with great humility, کہ ابھی بھی وقت ہے، reforms کی طرف کچھ signaling کریں۔ اپنے اخراجات کم کریں۔ اپنی 2 trillion کی untargeted subsidy کو کم کرنے کی کچھ commitment show کریں۔ جو untaxed sectors ہیں، ان پر ٹیکس لگائیں اور reforms کی طرف کچھ signaling کریں تاکہ the outside world take us seriously اور ہم سچ بولیں، ہم یہ نہ کہیں کہ آج ہم default کے دہانے پر کھڑے ہیں، یہ پچھلے چار سال کی حکومت کا کیا دھرا ہے۔ جہاں آج ہم کھڑے ہیں، اس میں تمام حکومتوں نے اپنا حصہ ڈالا ہوا ہے۔ یہ جو بات کرتے ہیں کہ یہ ساری خرابی پچھلے چار سال میں ہوئی ہے، یہ درست نہیں ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ میڈم۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: سچ کا بول بالا ہونا چاہیے۔ میں آخری جملہ 9th May سے related یہ کہنا چاہتی ہوں کیونکہ وہاں بھی سچ کا ایک بہت بڑا component ہے۔ 9 مئی کو جو کچھ

ہوا، میرا نہیں خیال کہ کوئی بھی محب وطن پاکستانی اس کو condemn کیے بغیر رہ سکتا ہے، ہم سب اس کی مذمت کرتے ہیں مگر وہاں بھی سچ کا بول بالا ہونا چاہیے۔ میری درخواست ہے کہ ایک impartial inquiry ہونی چاہیے۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: کل ان شاء اللہ جام صاحب سے start لیں گے۔

The House stands adjourned to meet again on Tuesday, the 13th June, 2023 at 03:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Tuesday, the 13th June, 2023 at 03:00 p.m.]

Index

Senator Kauda Babar 4
Senator Shahadat Awan 2, 3, 5, 6, 7
سینیٹر اعظم نذیر تارڑ 16
سینیٹر ثانیہ نشتر 36, 41, 42, 43, 44, 45
سینیٹر ڈاکٹر آصف کرمانی 31, 33, 34, 35
سینیٹر محمد طاہر بزنجو 27, 28
سینیٹر منظور احمد کاکڑ 21
سینیٹر ولید اقبال 28
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 8